DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 05.05.2025

| اخبارات | اہم قومی ومقامی خبریں | نمبرشمار |
|---|---|---|
| جنگ ودیگراخبارات | بلوچستان اوراسکے عوام کی ترقی اولیں ترجیحات میں شامل ہے، وزیراعظم گورنر سے ملاقات | 01 |
| جنگ ودیگراخبارات | میلی نگاہ سے دیکھنے والوں کی آنکھیں نکال دیں گے، وزیراعلیٰ | 02 |
| انتخاب ودیگراخبارات | صوبائی بجٹ عوام دوست ہوگا، تعمیروترقی کے منصوبوں کواہمیت دینگے، شعیب نوشیروانی | 03 |
| مشرق ودیگراخبارات | پی ایچ ای میں بھرتیاں خالصتاً میرٹ کی بنیاد پرہوں گی، سردار کھیتران | 04 |
| جنگ ودیگراخبارات | غیرملکی سرپرستی میں دہشتگردی بلوچستان میں امن سلامتی کیلئے خطرہ، آرمی چیف | 05 |
| مشرق ودیگراخبارات | بلوچ شناخت کے نام پردہشتگردی کرنے والے بلوچ غیرت پردھبہ ہیں، آرمی چیف | 06 |
| جنگ ودیگراخبارات | بلوچستان اسمبلی ثقافتی ورثے کے تحفظ سے متعلق قرارداد منظور خواتین کی ہراسانی سے تحفظ کا ترمیمی مسودہ پیش نہ کیاجاسکا | 07 |
| جنگ ودیگراخبارات | چیف جسٹس بلوچستان سے وفاقی محتسب کی ملاقات کارکردگی رپورٹ پیش | 08 |
| جنگ ودیگراخبارات | کوئٹہ انسداد پولیو مہم میں کمزورکوریج کانوٹس متعلقہ عملہ فارغ | 09 |
| جنگ ودیگراخبارات | سانحہ نوشکی مشکل گھڑی میں متاثرین کے ساتھ ہیں، آئی جی ایف سی نارتھ | 10 |
| جنگ ودیگراخبارات | بلوچستان کانسٹیبلری کوجدید خطوط پراستوار کیا جائے گا، کمانڈنٹ بی سی | 11 |
| جنگ ودیگراخبارات | عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے بھرپوراقدامات اٹھائے جارہے ہیں، عبدالخالق اچکزئی | 12 |
| جنگ ودیگراخبارات | غلطیوں سے پاک انتخابی فہرستیں شفاف انتخابات کی بنیاد ہیں، صوبائی الیکشن کمشنر | 13 |
| جنگ ودیگراخبارات | نوجوانوں میں انٹرپرینیورشپ کے فروغ کیلئے کام کررہے ہیں، بلال کاکڑ | 14 |
| جنگ ودیگراخبارات | طلبہ وطالبات نقل سے نفرت قابلیت پربھروسہ کریں، چیئرمین بورڈ | 15 |
| جنگ ودیگراخبارات | سرکاری ہسپتالوں میں ادویات ناپید مریضوں کوسرنج تک میسرنہیں، جمعیت نظریاتی | 16 |
| جنگ ودیگراخبارات | قوم بخوبی آگاہ کس نے انہیں غلام بنانے میں کرداراداکیا، پشتونخوامیپ | 17 |

## امن وامان:

سبزل روڈ پرفائرنگ سے شاعراللہ بخش شہزاجاں بحق، پشین دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے لیویز اہلکار کی گاڑی تباہ، ڈیرہ اللہ یار ڈاکوؤں نے ایکسائز انسپکٹر کولوٹ لیا، مستونگ وکچلاک سے بھاری منشیات برآمد، ایک سمگلر گرفتار،

## مسائل:

وسطی علاقوں میں جابجاپارکنگ اسٹینڈ منہ مانگی فیسیں وصول ٹریفک روانی متاثر، سریاب روڈ پل کراس پر بڑے بڑے گڑھے حادثات کا باعث بن گئے ،سرکی روڈ کے مکین چوروں کے گروہ سے پریشان، چاندنی چوک سٹلائٹ ٹاؤن روڈ کشادگی کے منصوبے میں غفلت کا بدترین مظاہرہ، کوئٹہ میں محکمہ واسا کے متعدد ٹیوب ویلز غیرفعال شہریوں کوشدید مشکلات،

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 06-05-2025

**اداریہ:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے " **اڑان پاکستان منصوبہ بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے اہم منصوبے !!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ معاشی بحالی سمیت کئی طرح کے چیلنجز میں گھری پاکستان کی وفاقی حکومت نے اُڑان پاکستان کے نام سے ایک منصوبہ شروع کیا ہے جو اقتصادی نمو اور اقوام عالم میں کھوئے ہوئے مقام کے حصول کے لیے ایک بڑے سفر اور نئی صبح کا آغاز ہے۔اس پروگرام کا مقصد برآمدات کے فروغ کے ذریعے اقتصادی ترقی کا حصول ہے،اس میں،ای پاکستان،ماحولیات،توانائی،برابری وبااختیار بنانے سمیت فائیوایز" کو بنیاد بنایا گیا ہے۔اس منصوبے کی کامیابی کے لیے قومی یکجہتی اور ہم آہنگی ناگزیر ہے۔وزیراعظم محمد شہباز شریف اور حکومت کی یہ سوچ ہے کہ ملک کو آگے لے جانے کے لیے اب اشرافیہ کو قربانی دینا ہوگی۔وفاق،صوبوں اور تمام شراکت داروں کے تعاون سے،ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھتے ہوئے قومی یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھا جائے۔اڑان پاکستان کو تعلیم،صحت،روزگار اور کاروبار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے ایک انقلابی اقدام قرار دیا گیا ہے۔یہ منصوبہ سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی کو برقرار رکھتے ہوئے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی کوششوں راہ کی نمائندگی کرتا ہے۔حکومت نے پہلے وژن 2010 اور وژن 2025 جیسے طویل المدتی منصوبے متعارف کروائے،جن پر سیاسی عدم استحکام کے باعث مکمل عملدرآمد نہ ہوسکا۔اب پانچ سالہ اقتصادی منصوبہ (2024-29) ایک نیا عزم اور مواقع فراہم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔یہ منصوبہ معاشی خوشحالی کو عوام تک پہنچانے کا وعدہ کرتا ہے۔اڑان پاکستان منصوبے کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانے پر توجہ دی گئی ہے۔تعلیم صحت،روزگار اور کاروبار کے مواقع میں اضافے کا عزم ظاہر کیا گیا۔

**اداریے:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے " **گوادر پورٹ کی آمدن سے بلوچستان محروم ،صوبے کے ساتھ زیادتی ،موجودہ حالات نئے تنازعے کا متحمل نہیں ہوسکتے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے " **علاقائی امن واستحکام بھارت کا مکروہ چہرہ اورسفاکانہ کردار** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Focusing tourism industry" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے " **سیلاب کے بعد بلوچستان کی بحالی کا منصوبہ** " کے عنوان سے ارسلان قریشی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے " **براھوئی ادب ،معاشرتی شعور اورمیر ڈاکٹر صلاح الدین مینگل مرحوم کی فکری میراث !!** " کے عنوان سے محمد حنیف کا مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated 06 MAY 2025 Page No. 1


# بلوچستان کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے، شہباز شریف

**جعفر مندوخیل نے امن وامان، ترقیاتی اور پارٹی امور سے آگاہ کیا**

**پارٹی امور اور مجموعی حالات سے متعلق جلد صوبے کا دورہ کروں گا، گورنر سے گفتگو**

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ بلوچستان اور اس کے عوام کی ترقی اور فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ ملاقات میں بلوچستان کی امن وامان، ترقیاتی، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر بلوچستان نے وزیراعظم کو بلوچستان کی امن وامان، ترقیاتی اور مخلوط حکومت سمیت پارٹی امور اور آئندہ مالی سال کے بجٹ حوالے سے آگاہ کیا۔ گورنر نے وزیراعظم کو پہلگام واقعے کے بعد بھارتی جارحیت کے تناظر میں بلوچستان کی جانب سے مکمل تعاون اور یکجہتی کا یقین دلایا۔ اس موقع پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ بلوچستان اور اس کے عوام کی ترقی اور فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ جلد ہی بلوچستان کے پارٹی امور اور مجموعی حالات سے متعلق صوبے کا دورہ کریں گے۔


**Century Express Quetta**

# بلوچستان اور اس کے عوام کی ترقی اولین ترجیحات میں شامل ہے، وزیراعظم

**گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل کی وزیراعظم سے ملاقات، صوبے میں امن وامان، ترقیاتی و سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال**

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ بلوچستان اور اس کے عوام کی ترقی اور فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ یہ بات انہوں نے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی ملاقات، بلوچستان کی امن وامان، ترقیاتی، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر بلوچستان نے وزیراعظم کو بلوچستان کی (باقی صفحہ 5 نمبر 10)

امن وامان، ترقیاتی اور مخلوط حکومت سمیت پارٹی امور اور آئندہ مالی سال کے بجٹ حوالے سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں گورنر بلوچستان نے وزیراعظم کو پہلگام واقعے کے بعد بھارتی جارحیت کے تناظر میں بلوچستان کی جانب سے مکمل تعاون اور یکجہتی کا یقین دلایا۔ اس موقع پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ بلوچستان اور اس کے عوام کی ترقی اور فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ جلد ہی بلوچستان کے پارٹی امور اور مجموعی حالات سے متعلق صوبے کا دورہ کریں گے۔



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے گورنر جعفر خان مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. ۱ Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA ★★

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 منگل 8 ذیقعد 1446ھ 6 مئی 2025ء نمبر 124

# میلی نگاہ سے دیکھنے والوں کی آنکھیں نکال دینگے، وزیر اعلیٰ بگٹی

پاکستان ذمہ دار ملک جنگ کی خواہش نہیں رکھتا

## سوئی تا کشمور روڈ منصوبہ ڈیرہ بگٹی سمیت علاقے کی تقدیر بدلنے کا سبب بنے گا، روزگار کے مواقع پیدا، ترقی کی راہیں کھلیں گی

PPL کیساتھ مذاکرات کا نیا دور جلد متوقع، کچھی کینال کی بحالی کا وعدہ پورا ہوچکا، سوئی میں خطاب، میر غلام قادر بگٹی یونیورسٹی کیمپس کی تعمیر کا اعلان

کوئٹہ/سوئی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبہ ڈیرہ بگٹی سمیت پورے علاقے کی تقدیر بدلنے کا سبب بنے گا یہ سڑک نہ صرف ذرائع آمدورفت کو بہتر بنائے گی بلکہ مقامی معیشت کو بھی مضبوط کرے گی بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کو قومی دھارے سے جوڑنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب میں کیا۔ اس موقع پر وفاقی پارلیمانی سیکرٹری پیٹرولیم میاں خان بگٹی چیئرمین ضلع کونسل ڈیرہ بگٹی میر غلام نبی شمبانی و دیگر عمائدین موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے علاقے سے منتخب رکن قومی اسمبلی، مقامی بلدیاتی نمائندوں اور عمائدین کے ہمراہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا اس موقع پر پروجیکٹ ڈائریکٹر نے منصوبے کی افادیت دورانیہ تکمیل اور لاگت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ سنگ بنیاد رکھنے کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سوئی کشمور روڈ منصوبہ ضلع ڈیرہ بگٹی میں شروع ہونے والا پہلا بڑا مواصلاتی منصوبہ ہے جس سے کسانوں کو زرعی اجناس منڈیوں تک پہنچانے میں سہولت میسر آئے گی، روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور مقامی ترقی کی راہیں کھلیں گی، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ موجودہ حکومت نے ضلع ڈیرہ بگٹی سمیت تمام پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کا پختہ عزم کیا ہے اور اس ضمن میں عملی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبہ صرف ایک سڑک کا نام نہیں بلکہ یہ ترقی خوشحالی اور استحکام کی طرف بڑھتا ہوا سفر ہے جو مقامی آبادی کی زندگی میں مثبت تبدیلیاں لائے گا، اس سڑک سے نہ صرف طبی سہولیات اور تعلیمی اداروں تک رسائی آسان ہوگی بلکہ تجارت کو بھی فروغ ملے گا اور نئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیر اعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سوئی کشمور روڈ منصوبے کو مقررہ وقت میں معیاری انداز میں مکمل کیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ اس کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچیں۔ قبل ازیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی ایک روزہ دورے پر سوئی پہنچے جہاں قبائلی عمائدین اور عوام نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ سوئی کشمور روڈ پراجیکٹ کے سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب میں آمد پر بچوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو پھول پیش کئے، وزیر اعلیٰ نے بچوں سے شفقت کا اظہار کیا، تقریب میں قبائلی عمائدین، مقامی بلدیاتی نمائندوں سمیت عوام کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی اور منصوبے کے آغاز پر مسرت کا اظہار کیا۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سوئی، کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے متعدد اہم ترقیاتی اور قومی نوعیت کے اعلانات کئے۔ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کی زراعت، تعلیم، معیشت اور قومی سلامتی کے حوالے سے حکومت عملی اقدامات اٹھا رہی ہے، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کچھی کینال کی بحالی کا وعدہ پورا ہوچکا ہے جبکہ فیز 2 اور 3 بھی جلد پایہ تکمیل کو پہنچیں گے، انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نہ صرف ڈیرہ بگٹی بلکہ بلوچستان کی دیگر بنجر زمینیں بھی آباد ہوں گی اور صحرا لہلہاتے کھیتوں میں بدل جائیں گے، انہوں نے اعلان کیا کہ میر غلام قادر بگٹی یونیورسٹی کیمپس کی تعمیر کا منصوبہ بھی جلد شروع ہونے جا رہا ہے۔

## وزیر اعلیٰ کا رحمت کالونی سوئی میں گرلز اسکول شیڈ کی تعمیر و بحالی کے احکامات

بچیوں سے شفقت کا اظہار، مسائل دریافت کئے، متعلقہ حکام کا اسکول کا معائنہ، آج سے کام شروع ہوگا

سوئی (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رحمت کالونی سوئی میں قائم گرلز اسکول کے شیڈ کی تعمیر، بحالی و مرمت، تزئین و آرائش اور اسکول میں سولرائزیشن کی تنصیب کے فوری احکامات جاری کئے ہیں، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اپنے دورہ سوئی کے دوران ایک مقام پر تعزیت کے لئے جا رہے تھے جہاں راستے میں اسکول کی بچیاں دیکھ کر رک گئے اور بچیوں سے شفقت کا اظہار کرتے ہوئے ان کے مسائل دریافت کئے۔ طالبات نے بتایا کہ ان کے اسکول کا شیڈ خستہ حال ہوچکا ہے جبکہ برقی بندش سے درس و تدریس میں مشکلات کا سامنا ہے، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے رحمت کالونی میں قائم گرلز اسکول کے شیڈ کی تعمیر، مرمت و بحالی تزئین و آرائش اور سولرائزیشن کی تنصیب کے موقع پر ہی احکامات جاری کر دیئے جس پر متعلقہ حکام نے فوری طور پر عمل درآمد کرتے ہوئے اسکول کا معائنہ کیا اور مطلوب تعمیراتی میٹریل پہنچا دیا اور منگل سے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا جائے گا۔ اسکول کی بچیوں نے فوری احکامات پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعلیٰ نے طالبات کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں تحائف دیئے اور لگن سے تعلیم حاصل کرکے معاشرے میں نمایاں مقام حاصل کرنے کی تلقین کی۔



سوئی: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو سوئی کشمور روڈ منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب میں بچے پھول پیش کر رہے ہیں




سوئی: وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 53 | 1446ھ | 06 مئی 2025ء | صفحات 08 | شمارہ 308

قیمت 30 روپے | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | Email: mashriqqta2008@gmail.com | رجسٹرڈ BC-m-15

# ریاست کیخلاف کسی سازش کو برداشت نہیں کیا جائیگا، میر سرفراز بگٹی

حکومت صوبے کی زراعت، تعلیم، معیشت اور قومی سلامتی کے حوالے سے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے

بھارت نے جنگ مسلط کی تو بگٹی قبیلے کا ہر بچہ ملک کی سالمیت اور دفاع کے لیے میدان میں اترے گا

بلوچستان کے معاشرے میں نہتے افراد اور خواتین کو عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، تقریب سے خطاب

سوئی (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیر کو یہاں سوئی، کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے متعدد اہم ترقیاتی اور قومی نوعیت کے اعلانات کیے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کی زراعت، تعلیم، معیشت ...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

اور قومی سلامتی کے حوالے سے حکومت عملی اقدامات اٹھا رہی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پٹ فیڈر کینال کی بحالی کا وعدہ پورا ہو چکا ہے جبکہ فیز 2 اور 3 بھی جلد پایہ تکمیل کو پہنچیں گے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نہ صرف ڈیرہ بگٹی بلکہ بلوچستان کی دیگر بنجر زمینیں بھی آباد ہوں گی اور سرسبز لہلہاتے کھیتوں میں بدل جائیں گے انہوں نے اعلان کیا کہ میر غلام قادر بگٹی یونیورسٹی کیمپس کی تعمیر کا منصوبہ بھی جلد شروع ہونے جا رہا ہے میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ (پی پی ایل) کے ساتھ ہونے والے معاہدے پر عمل درآمد کا آغاز ہو رہا ہے زرعی بنیادوں پر ریٹائرڈ مزدوروں کے بچوں کو ملازمتیں فراہم کی جائیں گی جبکہ معاہدے پر مکمل عمل درآمد کے لیے کوئٹہ میں مذاکرات کا نیا دور جلد متوقع ہے انہوں نے کہا کہ پی پی ایل کی معاونت سے سوئی ٹاؤن میں پانچ ارب روپے مالیت کے عوامی فلاحی منصوبے شروع کیے جائیں گے، جن کے لیے فنڈز حکومت بلوچستان اور پی پی ایل مساوی طور پر فراہم کریں گے ان منصوبوں میں سڑکوں کی تعمیر، گلیوں کی پختگی اور سولر سسٹم کی تنصیب شامل ہوگی وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم نے عوام سے جو وعدے کیے وہ پورے کیے اور آئندہ بھی کریں گے انہوں نے سوشل میڈیا پر ملک اور ریاست کے خلاف جاری منفی پروپیگنڈے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے معاشرے میں نہتے افراد اور خواتین کو عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے




ڈیرہ بگٹی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئی کشمور روڈ کا افتتاح کر رہے ہیں

## وزیراعلیٰ کی سوئی گرلز سکول کو سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت

رحمت کالونی سوئی میں اسکول کی بچیاں دیکھ کر رک گئے، شفقت کا اظہار

سوئی (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رحمت کالونی سوئی میں قائم گرلز اسکول کے شیڈ کی تعمیر، بحالی و مرمت، تزئین و آرائش اور اسکول میں سولرائزیشن ...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

کی تنصیب کے فوری احکامات جاری کیے ہیں، پیر کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنے دورہ سوئی کے دوران ایک مقام پر تعزیت کے لئے جا رہے تھے

## وزیراعلیٰ نے سوئی تا کشمور روڈ منصوبہ کا سنگ بنیاد رکھ دیا

[illegible]

حکومت کا ڈیرہ بگٹی سمیت تمام پسماندہ علاقوں کو ترقی دینے کا پختہ عزم

کوئٹہ / سوئی (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبہ ڈیرہ بگٹی سمیت پورے علاقے کی تقدیر بدلنے کا سبب بنے گا یہ سڑک نہ صرف ذرائع آمد و رفت کو بہتر بنائے گی بلکہ مقامی معیشت کو بھی مضبوط کرے گی بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کو قومی دھارے سے جوڑنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے...




سوئی: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کے سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر ایل پی I-4
قیمت 30 روپے
صفحات
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | بروز منگل 6 مئی 2025ء بمطابق 8 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 124

Bullet No. 1

Page No. 6

# بلوچ معاشرے میں خواتین قابل احترام، ریاست کیخلاف سازشیں ناقابل برداشت

وزیر اعلیٰ بگٹی

## جس نے پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھا اس کی آنکھیں نکال دینگے، سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈے پر اظہار تشویش

### ہم نے عوام سے جو وعدے کئے پورے کئے آئندہ بھی کرینگے، سوئی، کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب

سوئی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیر کو یہاں سوئی، کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے متعدد اہم ترقیاتی اور قومی نوعیت کے اعلانات کئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کی زراعت، تعلیم، معیشت اور قومی سلامتی کے حوالے سے حکومت عملی اقدامات اٹھا رہی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کچھی کینال کی بحالی کا وعدہ پورا ہو چکا ہے جبکہ فیز 2 اور 3 بھی جلد پایہ تکمیل کو پہنچیں گے انہوں نے اس عزم بقیہ نمبر 48 صفحہ 5 پر




سوئی: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں




ڈیرہ بگٹی: وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سوئی کشمور روڈ کا افتتاح کر رہے ہیں

کا اعادہ کیا کہ نہ صرف ڈیرہ بگٹی بلکہ بلوچستان کی دیگر بنجر زمینیں بھی آباد ہوں گی اور صحرا لہلہاتے کھیتوں میں بدل جائیں گے انہوں نے اعلان کیا کہ میر غلام قادر بگٹی یونیورسٹی کیمپس کی تعمیر کا منصوبہ بھی جلد شروع ہونے جا رہا ہے میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ پاکستان پیٹرولیم لیمیٹڈ (پی پی ایل) کے ساتھ ہونے والے معاہدے پر عمل درآمد کا آغاز ہو رہا ہے ترجیحی بنیادوں پر ریٹائرڈ مزدوروں کے بچوں کو ملازمتیں فراہم کی جائیں گی جبکہ معاہدے پر مکمل عمل درآمد کے لیے کوئٹہ میں مذاکرات کا نیا دور جلد متوقع ہے انہوں نے کہا کہ پی پی ایل کی معاونت سے سوئی ٹاؤن میں پانچ ارب روپے مالیت کے عوامی فلاحی منصوبے شروع کیے جائیں گے، جن کے لیے فنڈز حکومت بلوچستان اور پی پی ایل مساوی طور پر فراہم کریں گے ان منصوبوں میں سڑکوں کی تعمیر، گلیوں کی پختگی اور سولر سسٹم کی تنصیب شامل ہوگی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہم نے عوام سے جو وعدے کیے وہ پورے کیے اور آئندہ بھی کریں گے انہوں نے سوشل میڈیا پر ملک اور ریاست کے خلاف جاری منفی پروپیگنڈے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے معاشرے میں نہتے افراد اور خواتین کو عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے تاہم ریاست کے خلاف کسی بھی سازش کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ "جس نے پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھا، اس کی آنکھیں نکال دیں گے۔" انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک ذمے دار ریاست ہے جو جنگ کی خواہش نہیں رکھتی لیکن اگر جنگ مسلط کی گئی تو پاکستان کی سپاہ ہر محاذ پر جواب دینے کے لیے تیار ہیں بگٹی قبیلے کا ہر بچہ ملک کی سالمیت اور دفاع کے لیے میدان میں اترے گا وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ پاکستان کے بارڈر سے دو سو کلومیٹر دور ہونے والے واقعے کو بھارت اپنے مذموم مقاصد کے لیے پاکستان سے جوڑنے کی کوشش کر رہا ہے، جو ناقابل قبول ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان 27 رمضان المبارک کو وجود میں آیا اور اس ملک کا قیام اللہ تعالیٰ کی رضا سے ممکن ہوا جب تک پاکستان ہے، ہم سب ہیں پاکستان کی سالمیت عزیز ہے جب تک سرفراز بگٹی زندہ ہے پاکستان کے خلاف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کی آنکھیں نکال دیں گے۔

# گرلز اسکول کا شیڈ فوری تعمیر کیا جائے، وزیر اعلیٰ کی ہدایت

### رحمت کالونی سوئی میں قائم اسکول کی تزئین و آرائش اور سولر بھی لگایا جائے، سرفراز بگٹی

سوئی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رحمت کالونی سوئی میں قائم گرلز اسکول کے شیڈ کی تعمیر، بحالی و مرمت، تزئین و آرائش اور اسکول میں سولرائزیشن کی تنصیب کے فوری احکامات جاری کیے ہیں، پیر کو وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنی دورہ سوئی کے دوران ایک مقام بقیہ نمبر 11 صفحہ 5 پر

پر تعزیت کے لئے جا رہے تھے جہاں راستے میں اسکول کی بچیاں دیکھ کر رک گئے اور بچیوں سے شفقت کا اظہار کرتے ہوئے ان کے مسائل دریافت کیے طالبات نے بتایا کہ ان کے اسکول کا شیڈ خستہ حال ہو چکا ہے جبکہ بجلی کی بندش سے درس و تدریس میں مشکلات کا سامنا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے رحمت کالونی میں قائم گرلز اسکول کے شیڈ کی تعمیر، مرمت و بحالی تزئین و آرائش اور سولرائزیشن کی تنصیب کے موقع پر ہی احکامات جاری کر دیئے جس پر متعلقہ حکام نے فوری طور پر عمل درآمد کرتے ہوئے اسکول کا معائنہ کیا اور مطلوب تعمیراتی میٹریل پہنچا دیا اور منگل سے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا جائے گا اسکول کی بچیوں نے فوری احکامات پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا وزیر اعلیٰ نے طالبات کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں تحائف دیئے اور لگن سے تعلیم حاصل کر کے معاشرے میں نمایاں مقام حاصل کرنے کی تلقین کی۔

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-3

قیمت 40 روپے

8 صفحات

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز پیر 5 مئی 2025ء بمطابق 7 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 123


# وزیر اعلیٰ: عوام کا معیار زندگی بلند کرنے کیلئے کئی اقدامات کیے ہیں

## ہماری حکومت جن علاقوں میں افسران کو تعینات کر رہی ہے وہاں ہر کام ہو رہا ہے اور عوام کو بہتر طبی سہولیات میسر آرہی ہیں

## ہم ڈیرہ بگٹی میں پی پی ایچ آئی کو مزید فعال کریں گے اور ان کے فنڈز میں اضافہ کرینگے تاکہ عوام کو بہتر سے بہتر سہولیات مل سکیں، سرفراز بگٹی

ڈیرہ بگٹی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈیرہ بگٹی بیکڑ کا دورہ کیا جہاں انہیں بنیادی عوامی مسائل اور انکے کے حل سے متعلق افسران نے بریفنگ دی انہوں نے تحصیل پھلاوغ علاقے BHU جل والا کلی سید علی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی اور سانپ اور اینٹی بی یو کے انسداد کی ویکسین اور ضروری ادویات بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر

کی خصوصی دستیابی کا معائنہ بھی کیا وزیر اعلیٰ نے پی پی ایچ آئی بلوچستان کی جانب سے صوبے کے دور دراز علاقوں میں بنیادی ہیلتھ یونٹس کے ذریعے صحت کی دیکھ بھال کی خدمات کی فراہمی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مقامی افسران کی بہتر کارکردگی اس چیز کو ظاہر کر رہی ہے کہ ہماری حکومت جن علاقوں میں افسران کو تعینات کر رہی ہے وہاں پر کام ہو رہا ہے اور عوام کو بہترین طبی سہولیات میسر ہو رہی ہیں انہوں نے کہا کہ ہم ڈیرہ بگٹی میں پی پی ایچ آئی کو مزید فعال کرینگے اور ان کے فنڈز میں اضافہ کرینگے تاکہ دور دراز علاقوں میں مزید بہتر سے بہتر سہولیات عوام کو مل سکیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو ان کی دہلیز پر سہولیات کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے اور حکومت کی یہی کوشش ہے کہ عوامی فلاح و بہبود کے لیے جو منصوبے شروع کیے گئے ہیں ان کے فوائد سے عوام مستفید ہوں انہوں نے کہا کہ حکومتی اقدامات کا مقصد عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنا ہے اور انہیں بنیادی ضروریات زندگی سمیت بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 143 منگل، 8 ذیقعد، 6 مئی 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

سوئی کشمور روڈ منصوبے کا سنگ بنیاد

# ریاست کیخلاف کوئی سازش برداشت نہیں کرینگے، وزیراعلیٰ

## بگٹی قبیلے کا ہر بچہ ملک کی سالمیت ودفاع کیلئے میدان میں اترے گا، پی پی ایل سے معاہدے پر عملدرآمد کا آغاز ہورہا ہے

## قادر بگٹی یونیورسٹی کیمپس کی تعمیر جلد شروع ہوگی، سوئی میں خطاب، گرلز سکول کی فوری تزئین وآرائش کے احکامات

سوئی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیر کو یہاں سوئی، کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے متعدد اہم ترقیاتی اور (باقی صفحہ 5 نمبر7)

رقومی نوعیت کے اعلانات کئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کی زراعت، تعلیم، معیشت اور قومی سلامتی کے حوالے سے حکومت عملی اقدامات اٹھا رہی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کچھی کینال کی بحالی کا وعدہ پورا ہوچکا ہے جبکہ فیز 2 اور 3 بھی جلد پایہ تکمیل کو پہنچیں گے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نہ صرف ڈیرہ بگٹی بلکہ بلوچستان کی دیگر بنجر زمینیں بھی آباد ہوں گی اور صحرا لہلہاتے کھیتوں میں بدل جائیں گے انہوں نے اعلان کیا کہ میر غلام قادر بگٹی یونیورسٹی کیمپس کی تعمیر کا منصوبہ بھی جلد شروع ہونے جارہا ہے میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ (پی پی ایل) کے ساتھ ہونے والے معاہدے پر عمل درآمد کا آغاز ہورہا ہے ترجیحی بنیادوں پر ریٹائرڈ مزدوروں کے بچوں کو ملازمتیں فراہم کی جائیں گی جبکہ معاہدے پر مکمل عمل درآمد کے لیے کوئٹہ میں مذاکرات کا نیا دور جلد متوقع ہے انہوں نے کہا کہ پی پی ایل کی معاونت سے سوئی ٹاؤن میں پانچ ارب روپے مالیت کے عوامی فلاحی منصوبے شروع کیے جائیں گے، جن کے لیے فنڈز حکومت بلوچستان اور پی پی ایل مساوی طور پر فراہم کریں گے ان منصوبوں میں سڑکوں کی تعمیر، گلیوں کی پختگی اور سولر سسٹم کی تنصیب شامل ہوگی وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم نے عوام سے جو وعدے کیے وہ پورے کیے اور آئندہ بھی کریں گے انہوں نے سوشل میڈیا پر ملک اور ریاست کے خلاف جاری منفی پروپیگنڈے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے معاشرے میں نہتے افراد اور خواتین کو عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے تاہم ریاست کے خلاف کسی بھی سازش کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ "جس نے پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھا، اس کی آنکھیں نکال دیں گے۔" انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک ذمے دار ریاست ہے جو جنگ کی خواہش نہیں رکھتی لیکن اگر جنگ مسلط کی گئی تو پاکستان کی سپہ ہر سطح پر جواب دینے کے لیے تیار ہیں بگٹی قبیلے کا ہر بچہ ملک کی سالمیت اور دفاع کے لیے میدان میں اترے گا وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ پاکستان کے بارڈر سے دو سو کلومیٹر دور ہونے والے واقعے کو بھارت اپنے مذموم مقاصد کے لیے پاکستان سے جوڑنے کی کوشش کررہا ہے، جو ناقابل قبول ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان 27 رمضان المبارک کو وجود میں آیا اور اس ملک کا قیام اللہ تعالیٰ کی رضا سے ممکن ہوا جب تک پاکستان ہے، ہم سب ہیں پاکستان کی سالمیت عزیز ہے جب تک سرفراز بگٹی زندہ ہے پاکستان کے خلاف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کی آنکھیں نکال دیں گے۔

سوئی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رحمت کالونی سوئی (باقی صفحہ 5 نمبر8)

میں قائم گرلز اسکول کے شیڈ کی تعمیر، بحالی ومرمت، تزئین و آرائش اور اسکول میں سولرائزیشن کی تنصیب کے فوری احکامات جاری کئے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنے دورہ سوئی کے دوران ایک مقام پر تعزیت کے لئے جارہے تھے جہاں راستے میں اسکول کی بچیاں دیکھ کر رک گئے اور بچیوں سے شفقت کا اظہار کرتے ہوئے ان کے مسائل دریافت کئے طالبات نے بتایا کہ ان کے اسکول کا شیڈ خستہ حال ہوچکا ہے جبکہ برقی بندش سے درس وتدریس میں مشکلات کا سامنا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے رحمت کالونی میں قائم گرلز اسکول کے شیڈ کی تعمیر، مرمت وبحالی تزئین وآرائش اور سولرائزیشن کی تنصیب کے موقع پر ہی احکامات جاری کردیئے جس پر متعلقہ حکام نے فوری طور پر عمل درآمد کرتے ہوئے اسکول کا معائنہ کیا اور مطلوب تعمیراتی مٹیریل پہنچا دیا اور آج سے کام کا باقاعدہ آغاز کردیا جائے گا اسکول کی بچیوں نے فوری احکامات پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا وزیراعلیٰ نے طالبات کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں تحائف دیئے اور لگن سے تعلیم حاصل کرکے معاشرے میں نمایاں مقام حاصل کرنے کی تلقین کی۔



سوئی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب میں شرکت کیلئے آرہے ہیں




سوئی: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں




سوئی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب میں قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL ... RELATIONS BA...
نظامت اعلیٰ ...
حکومت ...
Bullet No. 1
Page No. 7

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی اکرام اللہ خان
جلد 29 | منگل 06 مئی 2025ء بمطابق 08 ذوالقعدہ 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 123

## سوئی تا کشمور روڈ منصوبہ
# ایک سڑک کا نام نہیں یہ ترقی خوشحالی اور استحکام کی جانب بڑھتا ہوا قدم ہے، سرفراز بگٹی


### سوئی میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے علاقے کے منتخب پارلیمانی ممبران بلدیاتی نمائندوں اور عمائدین کے ہمراہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کا افتتاح کیا

### حکومت نے ڈیرہ بگٹی سمیت تمام پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کا پختہ عزم کر رکھا ہے، وزیراعلیٰ کی منصوبہ بروقت مکمل کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبہ ڈیرہ بگٹی سمیت پورے علاقے کی تقدیر بدلنے کا سبب بنے گا یہ سڑک نہ صرف ذرائع آمدورفت کو بہتر بنائے گی بلکہ مقامی معیشت کو بھی مضبوط کرے گی بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کو قومی دھارے سے جوڑنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کی سنگ

بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر

بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وفاقی پارلیمانی سیکرٹری پیٹرولیم میاں خان بگٹی چیئرمین ضلع کونسل ڈیرہ بگٹی میر غلام نبی شمبانی و دیگر عمائدین بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان نے علاقے سے منتخب رکن قومی اسمبلی، مقامی بلدیاتی نمائندوں اور عمائدین کے ہمراہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا اس موقع پر پروجیکٹ ڈائریکٹر نے منصوبے کی افادیت دورانیہ تکمیل اور لاگت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی سنگ بنیاد رکھنے کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سوئی کشمور روڈ منصوبہ ضلع ڈیرہ بگٹی میں شروع ہونے والا پہلا بڑا مواصلاتی منصوبہ ہے جس سے کسانوں کو زرعی اجناس منڈیوں تک پہنچانے میں سہولت میسر آئے گی روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور مقامی ترقی کی راہیں کھلیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ موجودہ حکومت نے ضلع ڈیرہ بگٹی سمیت تمام پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کا پختہ عزم کیا ہے اور اس ضمن میں عملی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبہ صرف ایک سڑک کا نام نہیں بلکہ یہ ترقی خوشحالی اور استحکام کی طرف بڑھتا ہوا سفر ہے جو مقامی آبادی کی زندگی میں مثبت تبدیلیاں لائے گا اس سڑک سے نہ صرف طبی سہولیات اور تعلیمی اداروں تک رسائی آسان ہوگی بلکہ تجارت کو بھی فروغ ملے گا اور نئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوامی امنگوں کی ترجمان ہے اور ہم ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو بااختیار بنانے میرٹ پر روزگار کی فراہمی ذرائع مواصلات، آبی وسائل اور زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے ہم چاہتے ہیں کہ بلوچستان کو ایک پرامن خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنایا جائے جو نہ صرف خود کفیل ہو بلکہ پورے پاکستان کی ترقی میں اہم کردار ادا کرے وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سوئی کشمور روڈ منصوبے کو مقررہ وقت میں معیاری انداز میں مکمل کیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ اس کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچیں قبل ازیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پیر کو ایک روزہ دورے پر سوئی پہنچے جہاں قبائلی عمائدین اور عوام نے ان کا پرتپاک استقبال کیا سوئی کشمور روڈ پراجیکٹ کے سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب میں آمد پر بچوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو پھول پیش کیے، وزیراعلیٰ نے بچوں سے شفقت کا اظہار کیا، تقریب میں قبائلی عمائدین، مقامی بلدیاتی نمائندوں سمیت عوام کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی اور منصوبے کے آغاز پر مسرت کا اظہار کیا۔




سوئی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8



Daily Qudrat Quetta

روزنامہ قدرت کوئٹہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے — چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

جلد 21 | منگل 06 مئی 2025ء 08 ذی القعد 1446ھ | شمارہ 27


# پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کی آنکھیں نکال دیں گے، سرفراز بگٹی

## سوئی، کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد تقریب سے خطاب میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے اہم اعلان

**بلوچستان کے معاشرے میں نہتے افراد اور خواتین کو عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے تاہم ریاست کے خلاف کسی بھی سازش کو برداشت نہیں کیا جائے گا**

سوئی (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیر کو یہاں سوئی، کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے متعدد اہم ترقیاتی اور قومی نوعیت کے اعلانات کئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کی زراعت، تعلیم، معیشت اور قومی سلامتی کے حوالے سے حکومت عملی اقدامات اٹھا رہی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کچھی بقیہ 4 صفحہ 6 پر

کینال کی بحالی کا وعدہ پورا ہو چکا ہے جبکہ فیز 2 اور 3 بھی جلد پایہ تکمیل کو پہنچیں گے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نہ صرف ڈیرہ بگٹی بلکہ بلوچستان کی دیگر بنجر زمینیں بھی آباد ہوں گی اور صحرا لہلہاتے کھیتوں میں بدل جائیں گے انہوں نے اعلان کیا کہ میر غلام قادر بگٹی یونیورسٹی کیمپس کی تعمیر کا منصوبہ بھی جلد شروع ہونے جا رہا ہے میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ (پی پی ایل) کے ساتھ ہونے والے معاہدے پر عمل درآمد کا آغاز ہو رہا ہے ترجیحی بنیادوں پر ریٹائرڈ مزدوروں کے بچوں کو ملازمتیں فراہم کی جائیں گی جبکہ معاہدے پر مکمل عمل درآمد کے لیے کوئٹہ میں مذاکرات کا نیا دور جلد متوقع ہے انہوں نے کہا کہ پی پی ایل کی معاونت سے سوئی ٹاؤن میں پانچ ارب روپے مالیت کے عوامی فلاحی منصوبے شروع کیے جائیں گے، جن کے لیے فنڈز حکومت بلوچستان اور پی پی ایل مساوی طور پر فراہم کریں گے ان منصوبوں میں سڑکوں کی تعمیر، گلیوں کی پختگی اور سولر سسٹم کی تنصیب شامل ہوگی۔




سوئی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب میں قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ

حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 28 | Ph :2839851 FaX:2839867 | قیمت 10 روپے | شمارہ 79

منگل 6 مئی 2025ء | 7 ذیقعد | 1446ھ | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ ڈی سی بی-10

سرفراز بگٹی

# سوئی کشمور روڈ کا افتتاح

# ریاست کیخلاف کسی بھی سازش کو برداشت نہیں کیا جائیگا

## سڑک نہ صرف ذرائع آمد ورفت کو بہتر بلکہ مقامی معیشت کو بھی مضبوط کرے گی پسماندہ علاقوں کو قومی دھارے سے جوڑنا اولین ترجیح ہے

## کچھی کینال کی بحالی کا وعدہ پورا ہو چکا، فیز 2 اور 3 بھی جلد پایہ تکمیل کو پہنچیں گے، پی پی ایل معاہدے پر عمل درآمد کا آغاز ہو رہا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبہ ڈیرہ بگٹی سمیت پورے علاقے کی تقدیر بدلنے کا سبب بنے گا یہ

سڑک نہ صرف ذرائع آمد ورفت کو بہتر بنائے گی بلکہ مقامی معیشت کو بھی مضبوط کرے گی بلوچستان

[illegible]

کے پسماندہ علاقوں کو قومی دھارے سے جوڑنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وفاقی پارلیمانی سیکرٹری پیٹرولیم میاں خان بگٹی، چیئرمین ضلع کونسل ڈیرہ بگٹی میر غلام نبی شمبانی و دیگر عمائدین بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان نے علاقے سے منتخب رکن قومی اسمبلی، مقامی بلدیاتی نمائندوں اور عمائدین کے ہمراہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا اس موقع پر پروجیکٹ ڈائریکٹر نے منصوبے کی افادیت دورانیہ تکمیل اور لاگت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی سنگ بنیاد رکھنے کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سوئی کشمور روڈ منصوبہ ضلع ڈیرہ بگٹی میں شروع ہونے والا پہلا بڑا مواصلاتی منصوبہ ہے جس سے کسانوں کو زرعی اجناس منڈیوں تک پہنچانے میں سہولت میسر آئے گی روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور مقامی ترقی کی راہیں کھلیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ موجودہ حکومت نے ضلع ڈیرہ بگٹی سمیت تمام پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کا پختہ عزم کیا ہے اور اس ضمن میں عملی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبہ صرف ایک سڑک کا نام نہیں بلکہ یہ ترقی خوشحالی اور استحکام کی طرف بڑھتا ہوا سفر ہے جو مقامی آبادی کی زندگی میں مثبت تبدیلیاں لائے گا اس سڑک سے نہ صرف طبی سہولیات اور تعلیمی اداروں تک رسائی آسان ہوگی بلکہ تجارت کو بھی فروغ ملے گا اور نئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوامی امنگوں کی ترجمان ہے اور ہم ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو بااختیار بنانے میرٹ پر روزگار کی فراہمی ذرائع مواصلات، آبی وسائل اور زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے ہم چاہتے ہیں کہ بلوچستان کو ایک پرامن خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنایا جائے جو نہ صرف خود کفیل ہو بلکہ پورے پاکستان کی ترقی میں اہم کردار ادا کرے وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سوئی کشمور روڈ منصوبے کو مقررہ وقت میں معیاری انداز میں مکمل کیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ اس کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچیں قبل ازیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پیر کو ایک روزہ دورے پر سوئی پہنچے جہاں قبائلی عمائدین اور عوام نے ان کا پرتپاک استقبال کیا سوئی کشمور روڈ پراجیکٹ کے سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب میں آمد پر بچوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو پھول پیش کیے، وزیراعلیٰ نے بچوں سے شفقت کا اظہار کیا، تقریب میں قبائلی عمائدین، مقامی بلدیاتی نمائندوں سمیت عوام کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی اور منصوبے کے آغاز پر مسرت کا اظہار کیا۔

سوئی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیر کو یہاں سوئی، کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد

بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے متعدد اہم ترقیاتی اور قومی نوعیت کے اعلانات کیے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کی زراعت، تعلیم، معیشت اور قومی سلامتی کے حوالے سے حکومت عملی اقدامات اٹھا رہی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کچھی کینال کی بحالی کا وعدہ پورا ہو چکا ہے جبکہ فیز 2 اور 3 بھی جلد پایہ تکمیل کو پہنچیں گے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نہ صرف ڈیرہ بگٹی بلکہ بلوچستان کی دیگر بنجر زمینیں بھی آباد ہوں گی اور صحرا لہلہاتے کھیتوں میں بدل جائیں گے انہوں نے اعلان کیا کہ میر غلام قادر بگٹی یونیورسٹی کیمپس کی تعمیر کا منصوبہ بھی جلد شروع ہونے جا رہا ہے میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ (پی پی ایل) کے ساتھ ہونے والے معاہدے پر عمل درآمد کا آغاز ہو رہا ہے ترجیحی بنیادوں پر ریٹائرڈ مزدوروں کے بچوں کو ملازمتیں فراہم کی جائیں گی جبکہ معاہدے پر مکمل عمل درآمد کے لیے کوئٹہ میں مذاکرات کا نیا دور جلد متوقع ہے انہوں نے کہا کہ پی پی ایل کی معاونت سے سوئی ٹاؤن میں پانچ ارب روپے مالیت کے عوامی فلاحی منصوبے شروع کیے جائیں گے، جن کے لیے فنڈز حکومت بلوچستان اور پی پی ایل مساوی طور پر فراہم کریں گے ان منصوبوں میں سڑکوں کی تعمیر، گلیوں کی پختگی اور سولر سسٹم کی تنصیب شامل ہوگی وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم نے عوام سے جو وعدے کیے وہ پورے کیے اور آئندہ بھی کریں گے انہوں نے سوشل میڈیا پر ملک اور ریاست کے خلاف جاری منفی پروپیگنڈے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے معاشرے میں نہتے افراد اور خواتین کو عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے تاہم ریاست کے خلاف کسی بھی سازش کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ "جس نے پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھا، اس کی آنکھیں نکال دیں گے۔" انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک ذمے دار ریاست ہے جو جنگ کی خواہش نہیں رکھتی لیکن اگر جنگ مسلط کی گئی تو پاکستان کی سپہ ہر سطح پر جواب دینے کے لیے تیار ہیں بگٹی قبیلے کا ہر بچہ ملک کی سالمیت اور دفاع کے لیے میدان میں اترے گا وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ پاکستان کے بارڈر سے دو سو کلومیٹر دور ہونے والے واقعے کو بھارت اپنے مذموم مقاصد کے لیے پاکستان سے جوڑنے کی کوشش کر رہا ہے، جو ناقابل قبول ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان 27 رمضان المبارک کو وجود میں آیا اور اس ملک کا قیام اللہ تعالیٰ کی رضا سے ممکن ہوا جب تک پاکستان ہے، ہم سب ہیں پاکستان کی سالمیت عزیز ہے جب تک سرفراز بگٹی زندہ ہے پاکستان کے خلاف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کی آنکھیں نکال دیں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORA… GENERAL OF … RELATIONS BAL…

نظامت ا…
حکو…

Bullet No. 1 … ge No. 10

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال
چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | منگل 6 مئی 2025ء 8 ذیقعد 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 124

# وزیراعلیٰ بلوچستان: ترقیاتی منصوبوں کو مکمل کرنے کیلئے ہر ممکن وسائل بروئے کار لا رہے ہیں

## سوئی تا کشمور روڈ منصوبہ ڈیرہ بگٹی سمیت پورے علاقے کی تقدیر بدلنے کا سبب بنے گا نہ صرف ذرائع آمد و رفت کو بہتر بلکہ مقامی معیشت کو بھی مضبوط کرے گی

## میرٹ پر روزگار کی فراہمی ذرائع مواصلات، آبی وسائل اور زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے

کوئٹہ/سوئی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبہ ڈیرہ بگٹی سمیت پورے علاقے کی تقدیر بدلنے کا سبب بنے گا نہ صرف ذرائع آمد و رفت کو بہتر بلکہ مقامی معیشت کو بھی مضبوط کرے گی بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کو قومی دھارے سے جوڑنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وفاقی پارلیمانی سیکرٹری پیٹرولیم میاں خان بگٹی چیئرمین ضلع کونسل ڈیرہ بگٹی میر غلام نبی شمبانی و دیگر عمائدین بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان نے علاقے سے منتخب رکن قومی اسمبلی، مقامی بلدیاتی نمائندوں اور عمائدین کے ہمراہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا اس موقع پر پروجیکٹ ڈائریکٹر نے منصوبے کی افادیت دورانیہ تکمیل اور لاگت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی سنگ بنیاد رکھنے کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سوئی کشمور روڈ منصوبہ ضلع ڈیرہ بگٹی میں شروع ہونے والا پہلا بڑا مواصلاتی منصوبہ ہے جس سے کسانوں کو زرعی اجناس منڈیوں تک پہنچانے میں سہولت میسر آئے گی روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور مقامی ترقی کی راہیں کھلیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ موجودہ حکومت نے ضلع ڈیرہ بگٹی سمیت تمام پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کا پختہ عزم کیا ہے۔





سوئی، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب میں قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں




سوئی، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECT… GENERAL … RELATIONS B…
نظامت اعلیٰ …
حکومت …
Bullet No. 1
Page No. 11

Daily AZADI Quetta



روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | منگل 06 مئی 2025ء بمطابق 08 ذیقعد 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-123

# بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کو قومی دھارے سے جوڑنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

## سوئی تا کشمور روڈ منصوبہ ڈیرہ بگٹی سمیت پورے علاقے کی تقدیر بدلنے کا سبب بنے گا یہ سڑک نہ صرف ذرائع آمد و رفت کو بہتر بنائے گی، مقامی معیشت کو بھی مضبوط کرے گی

## سوئی کشمور روڈ منصوبہ ضلع ڈیرہ بگٹی میں شروع ہونے والا پہلا بڑا مواصلاتی منصوبہ ہے جس سے کسانوں کو زرعی اجناس منڈیوں تک پہنچانے میں سہولت میسر آئے گی روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے

## موجودہ حکومت نے ضلع ڈیرہ بگٹی سمیت تمام پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کا پختہ عزم کیا ہے اس ضمن میں عملی اقدامات کا آغاز کردیا گیا ہے مقامی آبادی کی زندگی میں مثبت تبدیلیاں آئیں گی

سوئی (این این آئی+خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبہ | ڈیرہ بگٹی سمیت پورے علاقے کی تقدیر بدلنے کا سبب بنے گا یہ سڑک نہ صرف (بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 2 پر)


ذرائع آمد و رفت کو بہتر بنائے گی بلکہ مقامی معیشت کو بھی مضبوط کرے گی بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کو قومی دھارے سے جوڑنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وفاقی پارلیمانی سیکرٹری پیٹرولیم میاں خان بگٹی چیئرمین ضلع کونسل ڈیرہ بگٹی میر غلام نبی شمبانی و دیگر عمائدین بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان نے علاقے سے منتخب رکن قومی اسمبلی، مقامی بلدیاتی نمائندوں اور عمائدین کے ہمراہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا اس موقع پر پروجیکٹ ڈائریکٹر نے منصوبے کی افادیت دورانیہ تکمیل اور لاگت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی سنگ بنیاد رکھنے کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سوئی کشمور روڈ منصوبہ ضلع ڈیرہ بگٹی میں شروع ہونے والا پہلا بڑا مواصلاتی منصوبہ ہے جس سے کسانوں کو زرعی اجناس منڈیوں تک پہنچانے میں سہولت میسر آئے گی روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور مقامی ترقی کی راہیں کھلیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ موجودہ حکومت نے ضلع ڈیرہ بگٹی سمیت تمام پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کا پختہ عزم کیا ہے اور اس ضمن میں عملی اقدامات کا آغاز کردیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ سوئی تا کشمور روڈ منصوبہ صرف ایک سڑک کا نام نہیں بلکہ یہ ترقی خوشحالی اور استحکام کی طرف بڑھتا ہوا سفر ہے جو مقامی آبادی کی زندگی میں مثبت تبدیلیاں لائے گا اس سڑک سے نہ صرف طبی سہولیات اور تعلیمی اداروں تک رسائی آسان ہوگی بلکہ تجارت کو بھی فروغ ملے گا اور نئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوامی امنگوں کی ترجمان ہے اور ہم ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لارہے ہیں انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو بااختیار بنانے میرٹ پر روزگار کی فراہمی ذرائع مواصلات، آبی وسائل اور زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے ہم چاہتے ہیں کہ بلوچستان کو ایک پرامن خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنایا جائے جو نہ صرف خودکفیل ہو بلکہ پورے پاکستان کی ترقی میں اہم کردار ادا کرے وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سوئی کشمور روڈ منصوبے کو مقررہ وقت میں معیاری انداز میں مکمل کیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ اس کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچیں قبل ازیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پیر کو ایک روزہ دورے پر سوئی پہنچے جہاں قبائلی عمائدین اور عوام نے ان کا پرتپاک استقبال کیا سوئی کشمور روڈ پراجیکٹ کے سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب میں آمد پر بچوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو پھول پیش کیے، وزیراعلیٰ نے بچوں سے شفقت کا اظہار کیا، تقریب میں قبائلی عمائدین، مقامی بلدیاتی نمائندوں سمیت عوام کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی اور منصوبے کے آغاز پر مسرت کا اظہار کیا

# وزیراعلیٰ کا دورہ گرلز اسکول رحمت کالونی، بچیوں سے مسائل دریافت کئے

## اسکول کے شیڈ کی تعمیر بحالی و مرمت تزئین و آرائش اور سولرائزیشن کی جائے وزیراعلیٰ کی ہدایت

سوئی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رحمت کالونی سوئی میں قائم گرلز اسکول کے شیڈ کی تعمیر، بحالی و مرمت، تزئین و آرائش اور اسکول میں سولرائزیشن کی تنصیب کے فوری احکامات جاری کئے ہیں، پیر کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنی (بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 2 پر)

دورہ سوئی کے دوران ایک مقام پر تعزیت کے لئے جارہے تھے جہاں راستے میں اسکول کی بچیاں دیکھ کر رک گئے اور بچیوں سے شفقت کا اظہار کرتے ہوئے ان کے مسائل دریافت کئے طالبات نے بتایا کہ ان کے اسکول کا شیڈ خستہ حال ہوچکا ہے جبکہ برقی بندش سے درس و تدریس میں مشکلات کا سامنا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے رحمت کالونی میں قائم گرلز اسکول کے شیڈ کی تعمیر، مرمت و بحالی تزئین و آرائش اور سولرائزیشن کی تنصیب کے موقع پر ہی احکامات جاری کردیئے جس پر متعلقہ حکام نے فوری طور پر عمل درآمد کرتے ہوئے اسکول کا معائنہ کیا اور مطلوب تعمیراتی میٹریل پہنچادیا اور منگل سے کام کا باقاعدہ آغاز کردیا جائے گا اسکول کی بچیوں نے فوری احکامات پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا وزیراعلیٰ نے طالبات کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں تحائف دیئے اور لگن سے تعلیم حاصل کرکے معاشرے میں نمایاں مقام حاصل کرنے کی تلقین کی۔




سوئی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

Balochistan Times

06 MAY 2025

1 12

# Bugti lays foundation stone of Sui-Kashmore road project




**Staff Report**

**SUI:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Monday laid the foundation stone of the Sui-Kashmore Road, calling it milestone towards a new era of development and prosperity in the region.

Speaking at the groundbreaking ceremony held in Sui, Balochistan CM Sarfraz Bugti said that "the launch of the Sui-Kashmore road would usher a new era of development, uplift of deprived area, and stability for the region".

Chief Minister said the project would significantly transform Dera Bugti and surrounding areas by improving connectivity and strengthening the local economy.

"The Sui-Kashmore Road is a journey towards development and stability. It will not only improve transportation but also boost trade, create employment opportunities, and make access to healthcare and education easier for the people," said Bugti.

The ceremony was attended by Federal Parliamentary Secretary for Petroleum Mian Khan Bugti, Chairman District Council Dera Bugti Mir Ghulam Nabi Shambani, local government representatives, tribal elders, and a large number of local people.

Project officials briefed the Chief Minister and other dignitaries on the scope, timeline, and cost of the road, emphasizing its importance for the region's infrastructure and economy. The road is the first mega communication project in Dera Bugti, aimed at facilitating the transportation of agricultural goods to markets, thereby benefiting local farmers.

Highlighting the government's commitment to uplifting underdeveloped areas, Bugti said that integrating remote regions like Dera Bugti into the national mainstream is a top priority. "We are using all available resources to complete development projects on a priority basis. Our goal is a peaceful, prosperous, and self-reliant Balochistan that contributes significantly to country's growth," he added.

He also instructed concerned authorities to ensure timely and high-quality completion of the project and to guarantee that its benefits directly reach the local population.Earlier, the Chief Minister arrived in Sui on a one-day visit where he was welcomed by tribal elders and local people.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 06 MAY 2025 Page No. 13


## پی ایچ ای میں بھرتیاں خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر ہوں گی، سردار کھیتران

**میرٹ پر کسی قسم کا سمجھوتہ میرا شیوہ ہے نہ اصول [illegible] کی اجازت [illegible]**

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ ای) بلوچستان سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ محکمہ پی ایچ ای میں آئندہ 500 سے زائد اسامیوں پر بھرتیاں خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر عمل میں لائی جائیں گی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ اگر اس عمل میں شفافیت یقینی نہ بنا سکا تو وزارت سے مستعفی ہونے میں دیر نہیں لگاؤں گا انہوں نے یہ بات بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران فلور پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوان نسل ملک و قوم کا قیمتی اثاثہ ہے، اور ان کے مستقبل سے کھلواڑ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ "میرٹ پر سمجھوتہ میرا شیوہ ہے نہ اصول، اور نہ کبھی اجازت دوں گا۔ اگر حق دار کو اس کا حق نہ دے سکا تو میں اس منصب پر رہنے کا کوئی جواز نہیں سمجھتا" صوبائی وزیر سردار کھیتران نے واضح کیا کہ محکمہ پی ایچ ای ایک حساس اور عوامی خدمت سے وابستہ ادارہ ہے، جس کے ذریعے صاف پانی اور نکاسی آب جیسے بنیادی مسائل حل کیے جاتے ہیں۔ ایسے محکمے میں اقربا پروری یا سفارش کی کوئی گنجائش نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے متعلقہ افسران و اہلکاروں کو خبردار کیا کہ بھرتی کے عمل میں کسی قسم کی بدعنوانی، اقربا پروری یا غیر قانونی مداخلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ "یہ میرا وعدہ ہے کہ ہر نوجوان کو اس کی صلاحیت، قابلیت اور محنت کے مطابق موقع فراہم کیا جائے گا۔" انہوں نے پرعزم لہجے میں کہا کہ وہ بلوچستان کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے تمام ممکن اقدامات اٹھائیں گے۔


MASHRIQ QUETTA


## صوبائی بجٹ عوام دوست ہوگا، تعمیر و ترقی کے منصوبوں کو اہمیت دینگے، شعیب نوشیروانی

**سروس ڈیلیوری کے نظام کو بہتر اور عوام دوست بنایا جا رہا ہے، آمدن بڑھانے کیلئے مختلف اقدامات اٹھا رہے ہیں**

**بجٹ سازی کا عمل جاری ہے انشاء اللہ یہ بجٹ بلوچستان کی ضروریات اور عوام کی امیدوں کا آئینہ دار ہوگا**

**بلوچستان کے پاس وسائل کی کمی نہیں، انہیں ملک اور صوبے کیلئے بروئے کار لانے کیلئے خاطر خواہ کام نہیں ہوا، مشرق سے گفتگو**



کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر خزانہ و محصولات میر شعیب نوشیروانی نے بلوچستان کے وسائل و آمدن میں اضافے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ صوبائی حکومت نے قلیل عرصے میں نمایاں اقدامات ...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

اٹھائے ہیں سروس ڈیلیوری کے نظام کو بہتر اور عوام دوست بنایا جا رہا ہے صوبے کی آمدن بڑھانے کے لئے مختلف اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں اگلے مالی سال کا بجٹ عوام دوست بجٹ ہوگا جس میں بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے منصوبے بھی شامل ہوں گے، ریونیو جنریشن، روزگار کے مواقع کی فراہمی اور معدنیات، توانائی، زراعت، مواصلات اور دیگر شعبوں پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ اس وقت ہر شعبے میں جدت، بہتری اور اصلاح احوال کا سلسلہ جاری ہے سروس ڈیلیوری کے نظام کو بہتر سے بہتر اور عوام دوست بنانے کے لئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی دو ٹوک ہدایات ہیں جن پر عمل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے پاس ایک لحاظ سے وسائل کی کمی نہیں مگر بدقسمتی سے ان وسائل کو اچھے انداز میں ملک اور صوبے کے لئے بروئے کار لانے کے حوالے سے ماضی میں خاطر خواہ کام نہیں ہوا ہم چاہتے ہیں کہ بلوچستان کے اپنے ذرائع سے آمدن بڑھائی جائے ریونیو جنریشن کے حوالے سے ہم اس تجویز پر غور کر رہے ہیں کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی اور ایکسائز کو مزید فعال و متحرک کیا جائے ہم چاہتے ہیں کہ بی آر اے سروے کرے اور پھر ایکسائز ڈیپارٹمنٹ ریونیو جمع کرے۔ بجٹ سے متعلق پوچھے گئے سوال پر وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ اگلے مالی سال کا بجٹ عوام دوست ہوگا جس میں تمام شعبوں پر توجہ مرکوز کی گئی ہے ابھی بجٹ سازی کا عمل جاری ہے انشاء اللہ یہ بجٹ بلوچستان کی ضروریات اور عوام کی امیدوں کا آئینہ دار بجٹ ہوگا

## فیڈرل لیویز کی پینشن و تنخواہوں کی ادائیگی حکومت کی ذمہ داری ہے، وزیر خزانہ

**50 سال سے کم عمر اہلکاروں کو صوبائی لیویز میں ضم کرکے اس کا حصہ بنایا جائیگا، میر شعیب نوشیروانی**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت ریٹائرڈ فیڈرل لیویز ملازمین کے پینشن اور تنخواہوں کی ادائیگی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ عبدالناصر دوتانی، ڈی جی لیویز عبدالغفار مگسی اور فیڈرل لیویز کے نمائندے بھی موجود تھے یہ اجلاس کابینہ کی میٹنگ کے تسلسل میں ہوا جس میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی تھی اس کمیٹی کی سربراہی صوبائی وزیر خزانہ کو تفویض ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کی گئی تھی صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فیڈرل لیویز کی اٹھارویں ترمیم کے بعد پینشن اور تنخواہوں کی ادائیگی صوبائی حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے ہم کوشش کریں گے کہ جلد از جلد ریٹائرڈ لیویز اہلکاروں کے مسائل حل کیے جائیں انہوں نے کہا کہ کمیٹی میں یہ فارمولا طے پایا ہے کہ پچاس سال سے کم عمر والوں کو صوبائی لیویز میں ضم کرکے اس کا حصہ بنایا جائے گا

CamScanner

## غیر ملکی سرپرستی میں دہشتگردی بلوچستان میں امن و سلامتی کیلئے خطرہ

آرمی چیف

دہشتگردی کا کوئی مذہب، مسلک یا قومیت نہیں ہوتی، اس کا مقابلہ صرف قومی اتحاد اور پختہ عزم سے ممکن ہے، شرکاء سے خطاب

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک، ایجنسیاں، جنگ نیوز) آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ ایسے دہشت گرد گروہ جو بلوچ شناخت کے نام پر بدامنی پھیلاتے ہیں، دراصل بلوچ قوم کی عزت و وقار پر دھبہ ہیں شرپسندوں کے عزائم ناکام بنائینگے، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سپہ سالار نے ان خیالات کا اظہار جی ایچ کیو میں 15 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف نے گزشتہ روز جنرل ہیڈکوارٹر میں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے 15 ویں سیشن کے شرکا سے ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ یہ ورکشاپ 2016 سے جاری ہے جس میں بلوچستان سے تعلق رکھنے والے اراکین پارلیمنٹ، بیوروکریٹس، سول سوسائٹی، نوجوانوں، ماہرین تعلیم اور میڈیا کے نمائندوں کی بڑی تعداد شامل ہوتی ہے۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ اس ورکشاپ میں مختلف سیمینارز، گروپ مباحثے اور ملک کے مختلف علاقوں کے دورے شامل ہوتے ہیں، ورکشاپ کا مقصد بلوچستان کے مستقبل کے قائدین کو قومی اور صوبائی سطح کے اہم امور کی بہتر تفہیم دینا اور مشترکہ قومی ردعمل کی تیاری ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے بلوچستان کے سماجی و اقتصادی حالات میں بہتری کے لیے حکومت کی مسلسل کوششوں پر روشنی ڈالی اور کہا کہ موجودہ اور مستقبل کے ترقیاتی منصوبوں کی وسعت ان تمام گمراہ کن پروپیگنڈوں کو رد کرتے ہیں۔ کافی ہے۔ سپہ سالار کا کہنا تھا کہ کئی منصوبے اب نتائج دے رہے ہیں جن سے بلوچستان کے عوام براہ راست مستفید ہو رہے ہیں۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق آرمی چیف نے بلوچستان کے نوجوانوں میں شعور بیدار کرنے میں سول سوسائٹی کے کردار کو سراہا اور کہا کہ سول سوسائٹی کی شراکت سے ترقی اور خوشحالی کا عمل مزید مضبوط ہوگا۔ جنرل عاصم منیر نے کہا کہ غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی بلوچستان کی سلامتی اور ترقی کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہے، شرپسند عناصر جو پرتشدد کارروائیوں، خوف و ہراس اور عدم استحکام کے ذریعے بلوچستان کو غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں، ان کے ناپاک عزائم کبھی کامیاب نہیں ہونے دیے جائیں گے۔

---

AZADI QUETTA

## بلوچ شناخت کے نام پر دہشتگردی کرنے والے بلوچ غیرت پر دھبہ ہیں

آرمی چیف

دشمن عناصر بلوچستان میں خوف و انتشار پھیلانا چاہتے ہیں، انہیں کامیاب نہیں ہونے دیں گے، سید جنرل عاصم منیر

غیر ملکی اسپانسرڈ دہشت گردی بلوچستان کی سیکیورٹی کے لیے سنگین خطرہ ہے، دہشتگردوں کا کوئی مذہب، مسلک یا قوم نہیں ہوتا، قومی یکجہتی کے ساتھ ان کا مقابلہ کریں گے

راولپنڈی (این این آئی) چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ قومی خودمختاری پر حملہ ہوا تو بھرپور جواب دیا جائے گا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے بتایا کہ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے نیشنل ورکشاپ بلوچستان (بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 2 پر) کے شرکا سے جی ایچ کیو میں ملاقات کی۔ 2016 سے نیشنل ورکشاپ بلوچستان کا مقصد قیادت کو قومی و صوبائی امور سے آگاہ کرنا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے آرمی چیف نے کہا کہ بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبے عوام کی فلاح کے لیے اہم کردار ادا کر رہے ہیں، دشمن عناصر بلوچستان میں خوف و انتشار پھیلانا چاہتے ہیں، انہیں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ غیر ملکی اسپانسرڈ دہشت گردی بلوچستان کی سیکیورٹی کے لیے سنگین خطرہ ہے، دہشتگردی کا کوئی مذہب، مسلک یا قوم نہیں ہوتی، قومی یکجہتی کے ساتھ اس کا مقابلہ کریں گے۔ آرمی چیف نے کہا کہ بلوچ شناخت کے نام پر دہشت گردی کرنے والے بلوچ غیرت پر دھبہ ہیں۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن کا خواہاں ہے، سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، مزید کہا کہ قومی خودمختاری پر حملہ ہوا تو بھرپور جواب دیا جائے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ورکشاپ کا اختتام سوال و جواب کا مفصل سیشن ہوا۔

# بلوچستان اسمبلی: ثقافتی ورثے کے تحفظ سے متعلق قرارداد منظور

## خواتین کی ہراسانی سے تحفظ کا ترمیمی بل پیش نہ کیا جاسکا

ثقافتی ورثے کو مختلف خطرات لاحق، بلوچستان پبلک سروس کمیشن کمزور ادارہ بن گیا، نوشکی واقعہ میں جاں بحق افراد کو شہید کا درجہ دیا جائے، ارکان کا اظہار خیال

اکثریت کی بنیاد پر بل منظور ہونے تک قائمہ کمیٹیوں کو ختم کر دیا جائے، وزیر خزانہ کی اپوزیشن کو آفر، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین ... اجلاس 7 مئی تک ملتوی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی نے صوبے کے ثقافتی ورثہ کو تحفظ دینے سے متعلق قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی، خواتین کو کام کی جگہ پر ہراسانی سے تحفظ کا ترمیمی مسودہ قانون اکثریت حاصل نہ ہونے پر ایوان میں پیش نہ کیا جاسکا۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس پیر کو 40 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں شروع ہوا، اجلاس میں مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان جو ایک قدیم، مختلف الاقسام اور شاندار ثقافتی ورثے کا حامل خطہ ہے جو اپنی قدیم تاریخی، منفرد روایات، زبانوں، فن تعمیر، موسیقی اور رسم و رواج کی بدولت ممتاز مقام رکھتا ہے، اس ورثے کا تحفظ اور فروغ نہ صرف قومی یکجہتی، تنوع کے احترام، پائیدار ترقی اور سماجی ہم آہنگی کو فروغ دیتا ہے بلکہ سیاحت کے ذریعے معاشی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے لیکن بلوچستان کے ثقافتی ورثے کو ماحولیاتی تبدیلیوں، شہری ترقی، غیر قانونی کھدائیوں، وسائل کی کمی اور عوامی شعور کے فقدان جیسے خطرات لاحق ہیں، لہٰذا اس قیمتی ورثے کو آئندہ نسلوں کے لئے محفوظ بنانے کے پیش نظر ذیل اقدامات اٹھانا ناگزیر ہو چکے ہیں۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے ثقافتی نوادرات کی غیر قانونی سمگلنگ کی روک تھام کی بابت فوری اقدام اٹھایا جانا، تمام ضلعی انتظامیہ، مقامی انتظامیہ کو ورثہ جات کے مقامات کے تحفظ کا پابند بنانا اور اس بابت ضلعی ثقافتی ورثہ کمیٹی کا قیام جس میں مقامی کمیونٹی، ثقافتی نمائندے، ضلعی انتظامیہ، ماہرین تعلیم، سول سوسائٹی کے ارکان شامل ہوں۔ تاریخی یادگاروں اور آثار قدیمہ کے مقامات کے تحفظ کے لئے حکمت عملی تیار کرنا، شہری ترقی، صنعتی سرگرمیوں اور سیاحت کے ثقافتی ورثے پر اثرات کی نگرانی اور انتظام کرنا، آثار قدیمہ اور تاریخی مقامات کے تحفظ کے لئے سخت قوانین کا نفاذ کرنا، ورثہ جات کی غیر مجاز کھدائی یا نوادرات کی اسمگلنگ پر سخت سزائیں عائد کرنا، تاریخی عمارات کی مرمت و بحالی اور ان کے تحفظ کے لئے واضح طریقہ کار مرتب کرنا، مقامی کمیونٹیز اور ثقافتی گروہوں کو غیر مادی ثقافتی ورثے (جیسے موسیقی، رقص، زبان اور زبانی روایات کے تحفظ) کے لئے مالی امداد اور معاونت فراہم کرنا، مقامی ہنرمندوں اور کاریگروں جیسے بنائی، کمہارگری، اور کشیدہ کاری کے لئے تربیتی پروگرام تشکیل دینا، بلوچستان کی منفرد روایات کو اجاگر کرنے کیلئے ثقافتی میلوں کا انعقاد کرنا، نوجوان نسل میں ثقافتی ورثہ کی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے اسکولوں جامعات اور کمیونٹی مراکز میں آگاہی پروگراموں کا انعقاد، تعلیمی نصاب میں بلوچستان کی تاریخی اور ثقافت کو شامل کرنا تاکہ ثقافتی فخر اور تاریخی شعور کو فروغ دیا جاسکے۔ ذرائع ابلاغ کو ورثہ سے متعلق موضوعات پر دستاویزی فلمیں، پروگرامز اور مضامین کے ذریعے اجاگر کرنے کی ترغیب دینا، ثقافتی ورثے کے مقامات کی بحالی اور دیکھ بھال کے لئے مالی معاونت فراہم کرنا چونکہ بلوچستان کے عوام ہی اپنے ثقافتی ورثے کے اصل وارث اور محافظ ہیں اور کسی بھی دوسرے صوبے کو اس ورثے میں مداخلت کرنے یا اس پر ملکیتی دعویٰ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ مذکورہ بالا پیش کردہ تجاویز و اقدامات کو فوری طور پر نافذ کرنے کے لئے عملی اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے تاکہ ہمارے عظیم ثقافتی ورثے کو آئندہ نسلوں کے لئے محفوظ بنایا جاسکے۔ جمعیت کے رکن زابد علی ریکی نے کہا کہ کافی سال پہلے بلوچستان کے ضلع واشک کے علاقے گوگا سے ملحقہ علاقے سے میرے دادا نے ایک ممی دریافت کی تھی جسے بعد ازاں کوئٹہ میں واقع ان کی رہائش گاہ سیٹلائٹ ٹاؤن لایا گیا تاہم سندھ پولیس وہاں چھاپہ مار کر اس ممی کو اپنے ساتھ لے گئی بعد ازاں یہ ممی غائب ہوگئی۔ جمعیت کے رکن غلام دستگیر بادینی نے کہا کہ بلوچستان حکومت سندھ حکومت سے رابطہ کرکے اس ممی کو واپس لائے۔ صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ بلوچستان کے چپے چپے میں تاریخی نوادرات ہیں ان کا تحفظ کیا جائے۔ پارلیمانی سیکرٹری ڈاکٹر رباب بلیدی نے کہا کہ صوبے کے تاریخی مقامات، قومی ورثے کا تحفظ وقت کا تقاضا ہے۔ اسمبلی نے صوبے کے ثقافتی ورثہ کو تحفظ دینے کے حوالے سے قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی۔ اجلاس میں جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر برائے محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پبلک سروس کمیشن کمزور ادارہ بن چکا ہے، ہزاروں اسامیاں خالی ہونے کے باوجود کمیشن ان پر بروقت ٹیسٹ اور انٹرویوز منعقد کرانے میں ناکام ہو چکا ہے جس کی وجہ سے صوبے کے تعلیم یافتہ طلباء اور طالبات میں سخت تشویش پائی جارہی ہے۔ حکومت نے پبلک سروس کمیشن کی کارکردگی بہتر بنانے کی بابت اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں نیز پبلک سروس کمیشن پر سالانہ تنخواہوں اور دیگر مراعات پر کل آنے والے اخراجات اور پبلک سروس کمیشن سالانہ کتنی اسامیوں پر ٹیسٹ اور انٹرویوز کراتا ہے کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 06 MAY 2025 Page No. 16


## چیف جسٹس بلوچستان سے وفاقی محتسب کی ملاقات، کارکردگی رپورٹ پیش

**عوام کو ریلیف کی فراہمی قابل تعریف، جسٹس اعجاز سواتی، غلام سرور بروہی نے ادارے کی سرگرمیوں سے آگاہ کیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب غلام سرور بروہی اور انویسٹی گیشن افیسر احمد وقاص کاشی نے بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس محمد اعجاز سواتی سے ملاقات کی، ملاقات میں غلام سرور بروہی نے چیف جسٹس کو وفاقی محتسب کی سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ اس موقع پر چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ محمد اعجاز سواتی نے کہا کہ وفاقی محتسب کی جانب سے عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا جارہا ہے جو قابل تعریف ہے۔ ملاقات کے دوران غلام سرور بروہی نے چیف جسٹس محمد اعجاز سواتی کو وفاقی محتسب کی مختلف سرگرمیوں کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا۔ جس پر چیف جسٹس نے اطمینان کا اظہار کیا۔

## کوئٹہ: انسداد پولیو مہم میں کمزور کوریج کا نوٹس، متعلقہ عملہ فارغ

**چلتن 1 اور 2 کا عملہ شامل، گوہرآباد اور ویلیج ایڈ کے اہلکاروں کو سخت وارننگ، کوتاہی برداشت نہیں، ڈی سی**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے انسداد پولیو مہم میں کمزور کوریج کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ناقص کارکردگی پر متعلقہ عملہ فارغ کردیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی زیر صدارت حالیہ مہم کے دوران مختلف علاقوں میں کمزور کوریج کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں این ستاپ، سی بی وی، اور متعلقہ یونین کونسلز کے ڈی ایس اوز نے شرکت کی۔ اجلاس میں ویلیج ایڈ، گوہرآباد، اور چلتن 2 کے علاقوں میں مہم کی کمزور کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس کے دوران ناقص کارکردگی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ مہم کے نتائج میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ کارکردگی میں مسلسل ناکامی پر چلتن 1 اور چلتن 2 کے عملے کو فارغ کردیا گیا، جبکہ گوہرآباد اور ویلیج ایڈ کے اہلکاروں کو سخت وارننگ جاری کرنے کے احکامات صادر کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کہا کہ جو بھی اہلکار 100 فیصد نتائج دینے میں ناکام ہوگا اسے مہم سے فوری طور پر ہٹا دیا جائے گا۔ ہم بچوں کے بہتر مستقبل اور عوامی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ انہوں نے تمام متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ آئندہ کیمپینز میں مکمل تیاری اور زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے حکمت عملی اپنائیں، تاکہ ہر بچے تک پولیو کے حفاظتی قطروں کی رسائی کو یقینی بنائی جاسکے۔

## سانحہ نوشکی، مشکل گھڑی میں متاثرین کے ساتھ ہیں، آئی جی ایف سی نارتھ

**وفاقی اور صوبائی حکومت کی ہدایات کی روشنی میں اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں، میجر جنرل عابد مظہر**

نوشکی (نامہ نگار) آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر نے ایف سی ہیڈ کوارٹرز نوشکی سانحہ میں جاں بحق ہونے والوں کے انتقال پر اظہار تعزیت اور زخمیوں کی صحت یابی کیلئے دعا کی۔ اس موقع پر انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ نوشکی بہت بڑا سانحہ ہے اس مشکل گھڑی میں ایف سی متاثرین کے ساتھ کھڑی ہے انہوں نے کہا ایف سی عوام کی خدمت اور آپ کا قبیلہ ہے اللہ تعالیٰ ہمیں ایسی آزمائشوں سے بچائے۔ میں نے اپنی دیگر مصروفیات ترک کر کے متاثرین سے اظہار یکجہتی کے لیے نوشکی آیا ہوں تاکہ متاثرین کے لواحقین اور عزیز اقارب سے اظہار یکجہتی کرسکوں۔ ایف سی عوام کی محافظ اور خدمت گار ہے۔ اللہ تعالیٰ نوشکی کے عوام کو خوشیاں دیں اللہ تعالیٰ ہم سب کی حفاظت خصوصی رحمتوں اور برکات سے ہمیں نوازے۔ نوشکی خوبصورت علاقہ اور امن کا گہوارہ ہے حکومت پاکستان اور حکومت بلوچستان کے ہدایات کی روشنی میں اپنے فرائض منصبی سر انجام دے رہے ہیں۔ ہماری کوشش رہی ہے کہ عوام کو ریلیف اور انکے مسائل بہتر انداز میں حل کریں۔ انہوں نے کہا نوشکی کے شہریوں نے انتہائی جرات اور بہادری سے زخمیوں کو ریسکیو اور انہیں اپنی پرائیویٹ گاڑیوں میں کوئٹہ لے گئے بہتر کارکردگی والوں کو نشان امتیاز سے نوازا جائے گا انہوں نے کہا کہ متاثرین کو ریلیف دینے کے لیے ہر ممکن کوشش کریگے وزیراعلیٰ بلوچستان بھی متاثرین کے لیے جلد نوشکی کا دورہ کریں گے۔ انہوں نے میڈیکل لیاقت ہسپتال میں زخمیوں کی بہتر نگہداشت یقینی بنانے کے لئے متعلقہ حکام سے رابطہ کر کے انہیں صورت حال بہتر بنانے کی ہدایات دیئے اس موقع پر آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر نے جاں بحق ہونے والے اور زخمیوں کے لواحقین سے فردا فردا ملاقات کی جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کو دو دو لاکھ اور زخمی ہونے والوں کے ورثا کو پچاس پچاس ہزار روپے دیئے اور مزید مالی معاونت کی بھی یقین دہانی کرائی۔

## بلوچستان کانسٹیبلری کو جدید خطوط پر استوار کیا جائیگا' کمانڈنٹ بی سی

**جوانوں کے مسائل فوری حل کئے جائیں، حاضری یقینی بنائی جائے، آغا محمد یوسف کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف کی زیر صدارت اجلاس بی سی ہیڈ کوارٹر بدر لائن کوئٹہ میں ہوا، جس میں ڈپٹی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری (ریٹائرڈ) لیفٹیننٹ کمانڈر عطاء اللہ شاہ، ایس ایس پی ہیڈ کوارٹرز، زونل کمانڈر II-III-IV اور A.D اسد اللہ BC ہیڈ آفس کوئٹہ اور دوسرے آؤٹ زونز کے زونل کمانڈرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ ایڈیشنل آئی جی پی آغا محمد یوسف نے کہا کہ بلوچستان کانسٹیبلری کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے۔ ڈیجیٹل حاضریوں کا اجراء کو یقینی بنانے کے ساتھ انکی چیکنگ پوائنٹس کو یقینی بھی دیکھا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جوانوں کی ڈیوٹی کو ڈیش بورڈ کے ذریعے چیک کیا جائیگا اور جوانوں کو جدید طریقے سے احکامات اور ڈیوٹی کے بارے بریف کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جوانوں کے مسائل کو بغیر وقت ضائع کئے فوری طور پر حل کیا جائے گا۔ بی سی کے جوانوں کو چھٹیاں بروقت دی جائیں گی تاکہ کسی کی حق تلفی نہ ہو۔ آغا محمد یوسف نے کہا کہ جوان اپنی حاضری یقینی بنائیں، اس معاملے میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے زونل کمانڈرز کو ہدایات دی کہ ہفتہ وار سرکاری اسٹورز اور گاڑیوں کا معائنہ کریں اور جوانوں کیلئے آئے سرکاری سامان کو بروقت تقسیم کیا جائے۔ اپنے زیر کمان اسٹاف کو پابند بنائیں کہ وہ جوانوں کی ویلفیئر کا خاص خیال رکھیں۔

CS CamScanner

## عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، عبدالخالق اچکزئی

**چمن تا کراچی این-25 جلد مکمل ہوگی، عوام کا دیرینہ مسئلہ حل کرنے پر وزیر اعظم شہباز شریف کے مشکور ہیں**

**چمن میں دیرینہ مسائل کے حل کا سفر شروع کیا جو کامیابی سے جاری ہے 100 سے زائد سکولوں کو فعال کرا چکے ہیں**

**میں حزب اختلاف کو زیادہ سنتا ہوں میری ترجیح رہتی ہے کہ اراکین اسمبلی ایجنڈے پر بات کریں، مشرق سے گفتگو**



کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) سپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے این-25 چمن، کوئٹہ کراچی شاہراہ کی جلد سے جلد تکمیل کی امید ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ چمن سے کراچی تک عوام کے اہم ترین مسئلے کے حل کی راہ ہموار ہوگئی ہے جس پر ہم وزیراعظم شہباز شریف کے مشکور ہیں، بلوچستان اسمبلی...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

میں قائمہ کمیٹیاں پوری طرح فعال ہیں، میں حزب اختلاف کو زیادہ سنتا ہوں بس میری ترجیح یہ رہتی ہے کہ اراکین اسمبلی ایجنڈے پر بات کریں اور قواعد خیال رکھیں۔ چمن میں انتظامی افسران کی ایک اچھی ٹیم بنا کر دیرینہ مسائل کے حل کا سفر شروع کیا جو کامیابی سے جاری ہے اب تک 100 نان فنکشنل سکولوں کو فعال کرا چکے ہیں۔ وہ گزشتہ روز سپیکر چیمبر میں مشرق سے خصوصی بات چیت کر رہے تھے انہوں نے کہا کہ چمن سے کوئٹہ اور پھر کوئٹہ سے کراچی تک دو رویہ شاہراہ کی تعمیر نہ صرف چمن بلکہ پورے صوبے کے عوام کا دیرینہ مطالبہ رہا ہے وزیراعظم شہباز شریف نے یقین دہانی کرائی تھی کہ وہ اس منصوبے کو دیکھیں گے اور انہوں نے اپنا وعدے کو پورا کیا جس پر ہم ان کے مشکور ہیں اور امید ظاہر کرتے ہیں کہ جلد سے جلد اس اہم شاہراہ کی تکمیل ممکن ہوگی اور صوبے کے عوام کا اہم ترین مسئلہ حل ہوگا۔ سپیکر صوبائی اسمبلی نے اپوزیشن اراکین کے تحفظات سے متعلق پوچھے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ یہ تاثر قطعاً غلط ہے کہ میں اراکین کو بولنے نہیں دیتا میرے لئے بلوچستان اسمبلی کے ایوان کا ہر ممبر قابل احترام ہے میں حکومتی اراکین سے زیادہ حزب اختلاف والوں کو سنتا ہوں مگر مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے اراکین اسمبلی اجلاس کے ایجنڈے کا خیال نہیں رکھتے۔ ایجنڈے کی کارروائی کو آگے بڑھانے کی بجائے پوائنٹ آف آرڈر پر تقاریر کر رہے ہوتے ہیں، یہ بھی نہیں دیکھتے کہ میں جس مسئلے کو نکتہ اعتراض پر اٹھا رہا ہوں اس کا نکتہ اعتراض بنتا بھی ہے یا نہیں، ایک دوسرے کو مخاطب کر رہے ہوتے ہیں چونکہ یہ قواعد کے خلاف ہے اس لئے میں ایسا نہیں ہونے دیتا میں چاہتا ہوں اور بلوچستان کے عوام کی بھی یہ خواہش ہے کہ بلوچستان اسمبلی میں ان کے مسائل پر بحث ہو تجاویز اور سفارشات سامنے آئیں۔ قائمہ کمیٹیوں سے متعلق پوچھے گئے سوال پر ان کا کہنا تھا کہ قائمہ کمیٹیاں جمہوری اور پارلیمانی نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹیاں فعال ہیں باقاعدگی سے ان کی میٹنگز ہوتی ہیں اور مسودات ایوان میں آنے کے بعد کمیٹیوں میں جاتے ہیں کمیٹی اس پر بحث کرتی ہے اور اپنی سفارشات کے بموجب مسودات کو دوبارہ ایوان میں لاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چمن ضلع کی آبادی وسیع، مسائل زیادہ ہیں مگر مجھے یہ کہتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ ہم نے چمن میں انتظامی افسران کی ایک اچھی ٹیم بنائی ہے اور ٹیم ورک سے چمن کے دیرینہ مسائل حل ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ اب تک ضلع میں مختلف وجوہات کی بناء پر بند پڑے 100 سکولوں کو فنکشنل کر دیا گیا ہے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ڈاکٹروں کی تعیناتی ہو یا پھر دور دراز علاقوں میں صحت کے مراکز کو ادویات اور دیگر سہولیات کی فراہمی ہر شعبے میں نمایاں کام ہو رہا ہے حلقے میں ترقیاتی منصوبوں پر میری خصوصی توجہ مرکوز ہے، مواصلات، پانی، توانائی اور دیگر شعبوں میں عوام دوست اقدامات اور منصوبوں کا جو سلسلہ شروع ہوا ہے اس کی بدولت چمن کے عوام کی طرز زندگی میں نمایاں تبدیلی آئی ہے۔

## غلطیوں سے پاک انتخابی فہرستیں شفاف انتخابات کی بنیاد ہیں، صوبائی الیکشن کمشنر

**[illegible]**

**مختصر عرصے میں آئی ٹی کے کئی اہم پروجیکٹ مکمل کیے گئے ہیں "سرس" افتتاحی تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے تمام ریجنل الیکشن کمشنرز، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز اور الیکشن آفیسران کی دو روزہ مرحلہ وار "کمپیوٹرائزڈ الیکٹورل رولز سسٹم" (سرس) ٹریننگ کا آغاز کوئٹہ میں ہوا۔ صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی احمد ریال نے ٹریننگ کا افتتاح کیا اس موقع پر اپنے افتتاحی خطاب میں صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان نے کہا کہ غلطیوں سے پاک انتخابی فہرستیں صاف اور شفاف انتخابات کی بنیاد ہوتی ہیں ......... بقیہ 79 صفحہ نمبر 7 پر

اور اس میں تمام فیلڈ آفیسرز اور بالخصوص رجسٹریشن آفیسرز کا کردار بڑا کلیدی ہوتا ہے۔ "سرس" میں حالیہ بائیو میٹرک انٹیگریشن سے اس سسٹم کی جدت میں مزید بہتری آئے گی انہوں نے مزید کہا کہ چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان کا وژن ہے کہ ٹیکنالوجی کے بھرپور استعمال سے الیکشن کمیشن کے بیشتر امور میں جدت لائی جا سکتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ گزشتہ مختصر ترین عرصے کے دوران آئی ٹی کے شعبے میں کئی اہم پروجیکٹ مکمل کیے گئے ہیں

## ایف سی مشکل گھڑی میں عوام کے ساتھ ہے، میجر جنرل عابد مظہر

**سانحہ نوشکی ایک المناک واقعہ ہے، جس پر دل دکھی ہے، آئی جی ایف سی نارتھ**

**متاثرین کی ہر ممکن مالی و اخلاقی معاونت کی جائے گی، نوشکی میں تقریب سے خطاب**

نوشکی (یو این اے) آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر نے سانحہ نوشکی کے متاثرین سے ملاقات کر کے دلی تعزیت کا اظہار کیا، جاں بحق افراد کے لواحقین......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

سے ہمدردی کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ اس موقع پر میجر جنرل عابد مظہر نے کہا کہ سانحہ نوشکی ایک المناک واقعہ ہے، جس پر دل دکھی ہے، مگر ایف سی اس مشکل گھڑی میں عوام کے ساتھ ہے۔

## نوجوانوں میں انٹرپرینیورشپ کے فروغ کیلئے کام کر رہے ہیں، بلال کاکڑ

**نوجوانوں کو صحیح ٹولز، رہنمائی اور مدد فراہم کیں جائیں تو وہ ملازمتیں ڈھونڈنے کی بجائے ایسے منصوبے شروع کر سکتے ہیں جو ملازمتیں پیدا کرینگے**

**بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کل 7 مئی 2025 کو بیوٹمز میں صوبے کے نوجوانوں کیلئے ان جدید تصورات کے فروغ بارے سیمینار کا انعقاد کرے گا**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBoIT) کل 7 مئی 2025 کو بیوٹمز میں صوبے کے نوجوانوں کیلئے سیشن کا انعقاد کرے گا، جس میں صوبے کی سرمایہ کاری کی صلاحیت کو اجاگر کیا جائے گا اور بلوچستان کی نوجوان آبادی میں جدت، انٹرپرینیورشپ اور جامع ترقی کے جذبے کو فروغ دیا جائے گا۔ تقریب صوبے بھر سے طلباؤ طالبات، سوشل میڈیا انفلوئنسرز اور نوجوان رہنماؤں کو یکجا کرنے، خیالات کا اشتراک کرنے اور خطے کے معاشی مستقبل میں حصہ ڈالنے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے صوبے کے بیانیے کی تشکیل میں نوجوانوں کے کردار کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ سیشن نوجوانوں کو بلوچستان کا اصل چہرہ دنیا کے سامنے لانے اور انہیں مثبت تبدیلی کی طرف متحرک کرنے میں مدد کرے گا۔ بلوچستان کو کافی عرصے سے ایک تنگ نظر سے دیکھا جاتا رہا ہے ہمیں یقین ہے کہ ہمارے نوجوان تبدیلی لانے والے ہیں جو جدت، تخلیقی صلاحیتوں اور قیادت کے ذریعے اس تصویر کو نئی شکل دے سکتے ہیں۔ ہم ایک ایسی جگہ بنانا چاہتے ہیں جہاں نوجوان ذہن اپنی کمیونٹیز میں کاروباری صلاحیت کو تلاش کرنے کے لیے بااختیار محسوس کریں، ٹیک پر مبنی اسٹارٹ اپس سے لے کر پائیدار دیہی اداروں تک، امکانات لامحدود ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالکبیر زرکون نے کہا کہ ہم صوبے کی بہتری کے لیے نوجوانوں کو شامل کرنے کے منتظر ہیں۔ ہم انہیں بڑا سوچنے، پہل کرنے اور خود کو بلوچستان کی ترقی میں اہم کردار ادا کرنے والوں کے طور پر دیکھنا چاہتے ہیں، "ہماری توجہ صرف باہر سے سرمایہ کاری کو راغب کرنے پر نہیں

## ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب نے چیف جسٹس بلوچستان کو رپورٹ پیش کردی

**عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا قابل تعریف ہے، جسٹس محمد اعجاز سواتی کی گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب غلام سرور بروہی اور انویسٹیگیشن افسر احمد وقاص کاشی نے چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد اعجاز سواتی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں سرور بروہی نے چیف جسٹس کو وفاقی محتسب کی سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کی......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

۔ ملاقات کے دوران چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جناب محمد اعجاز سواتی کا کہنا تھا کہ وفاقی محتسب کی جانب سے عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے جو کہ قابل تعریف ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 06 MAY 2025 Page No. 18

چیئرمین انٹر بورڈ

# طلبہ و طالبات نقل سے نفرت قابلیت پر بھروسہ کریں

بورڈ کی جانب سے شفاف امتحانات کے انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں، محمد اسحاق

**نقل کی روک تھام اولین ترجیح ہے، کوئٹہ کے مختلف امتحانی مراکز کے دورے پر گفتگو، امتحانی عمل کا جائزہ**

کوئٹہ(خ ن) چیئرمین بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن محمد اسحاق نے پیر کو صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا اور جاری امتحانی عمل کا تفصیلی جائزہ لیا انہوں نے امتحانی مراکز میں موجود سہولیات، امتحانی نظم و ضبط اور پرچہ جات کی بروقت تقسیم سمیت دیگر امور کا معائنہ کیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین بلوچستان بورڈ محمد اسحاق نے کہا کہ بورڈ کی جانب سے شفاف امتحانات کے انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ نقل کی روک تھام بورڈ کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں تمام ضلعی اور مقامی انتظامیہ

بقیہ نمبر 36 صفحہ 5 پر

سے مکمل تعاون حاصل ہے انہوں نے کہا کہ تمام امتحانی مراکز میں نگرانی کے موثر انتظامات کیے گئے ہیں، جبکہ مبصرین اور نگران عملے کو خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں فوری کارروائی عمل میں لائیں چیئرمین بلوچستان بورڈ نے طلبہ و طالبات پر زور دیا کہ وہ اپنی محنت اور قابلیت پر بھروسہ کریں اور امتحانات کو ایک مثبت تعلیمی تجربہ بنائیں انہوں نے کہا کہ بورڈ کی کوشش ہے کہ امتحانی عمل نہ صرف شفاف ہو بلکہ طلبہ کے لیے آسان اور سہل بھی ہو، دورے کے دوران انہوں نے امتحانی مراکز کے اساتذہ اور نگران عملے سے بھی تبادلہ خیال کیا اور ان کی کارکردگی کو سراہا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 06 MAY 2025 Page No. 18

# سرکاری ہسپتالوں میں ادویات ناپید، مریضوں کو سرنج تک میسر نہیں، جمعیت نظریاتی

بی ایم سی اور سول ہسپتال کوئٹہ میں مریضوں کو ڈرپ درکنار سر درد کی گولی بھی میسر نہیں' قاری مہر اللہ' حاجی حبیب اللہ صافی

وزیراعلیٰ تمام سرکاری ہسپتالوں و ڈسپنسریز میں سینئر ڈاکٹرز تعینات اور پرائیویٹ ہسپتالوں کی بے تحاشا فیسوں کا نوٹس لیں' مولانا نیاز محمد' حاجی دو محمد

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ' جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی' شیخ الحدیث مولانا نیاز محمد، حاجی داد محمد، حاجی محمد نور اخونزادہ آغا ابراہیم شاہ، حاجی نادر خان اچکزئی، حاجی فیض اللہ اخونزادہ، مولانا محمد ابراہیم مولانا صالح محمد و دیگر نے کہا کہ بی ایم سی وسول ہسپتال کوئٹہ میں ادویات و سہولیات کے فقدان پر دل خون کے آنسو روتا ہے محکمہ صحت کیلئے سالانہ ........ بقیہ 82 صفحہ نمبر 7 پر

میڈیسن کی مد میں اربوں روپے بجٹ میں مختص ہوتے ہیں لیکن مریضوں کو ایک ڈرپ اور کھانسی کی سیرپ تک میسر نہیں یہاں تک کہ مریض کو سرنج بھی باہر سے لانا پڑتا ہے ان دونوں ہسپتالوں میں مریضوں کو دور دراز علاقوں سے علاج و معالجہ کیلئے لایا جاتا ہے لیکن ہسپتال میں عدم سہولیات کی وجہ سے اکثر مریض اپنی جیب سے ہی بھاری اخراجات برداشت کرنے پر مجبور ہیں

# قوم بخوبی آگاہ کس نے انہیں غلام بنانے میں کردار ادا کیا، پشتونخوا میپ

مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کو بزور طاقت لاگو کرنے کا مقصد پشتونوں وبلوچوں کے قدرتی وسائل وزرعی زمینوں پر قبضہ کرنا ہے' جبار اتمانخیل

ملکی بحرانوں اور فارم 47 کی حکومت کی ناقص پالیسیوں نے پاکستان کی بنیادیں ہلا کر رکھ دیں' عبدالقہار ودان و دیگر کا اجلاسوں سے خطاب

لورالائی (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ 8 فروری کا الیکشن ریاستی زور وزر کے ذریعے نیلام ہوا، آج ملکی ہمہ جہت بحرانوں اور فارم 47 کی حکومت احکومتوں کی ناقص پالیسیوں واقدامات نے ملک کی بنیادیں ہلا کر رکھ دیں غیر جمہوری وغیر قانونی اقدامات نے ملکی آئین کا حلیہ بگاڑ دیا ہے، آئے روز عوام کی مرضی ومنشاء کے بغیر ترامیم کی جارہی ہیں، 26ویں آئینی ترمیم ........ بقیہ 78 صفحہ نمبر 7 پر

کے ذریعے عدلیہ کی آزادی اور پیکا ایکٹ کے ذریعے آزادی صحافت کو سلب کیا گیا، اب (SIFC) جیسے غیر آئینی وغیر قانونی ادارے کا قیام عمل میں لاکر مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کو بزور طاقت لاگو کرنے کا مقصد محکوم اقوام پشتونوں وبلوچوں کے قدرتی وسائل اور زرعی زمینوں پر قبضہ کرنا ہے جسکی پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ہر فورم پر سخت مخالفت اور اسے عوامی طاقت سے ناکام بنانے کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر دستخط کرنیوالے اب احتجاج کے نام پر عوام کو گمراہ کررہے ہیں، عوام بخوبی آگاہ کہ کس نے کس وقت قوم کے حقوق کا سودا کیا اور اسے غلام قوم بنانے میں اپنا کردار ادا کیا ہے

CamScanner

# مہاجرین کا بلاتفریق انخلا، حکومتی فیصلہ خوش آئند ہے، سنی علماء کونسل

## بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائیگا، اسرائیلی مظالم پر مسلم حکمرانوں کی خاموشی لمحہ فکریہ ہے، مولانا رمضان

کوئٹہ (آن لائن) مہاجرین کے بلا تفریق انخلا پر حکومت اور انتظامیہ کا فیصلہ خوش آئند ہے، بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیں گے، اسرائیلی مظالم پر مسلم حکمرانوں کی خاموشی افسوسناک ہے۔ سنی علماء کونسل بلوچستان کی صوبائی عاملہ کا اجلاس صوبائی امیر مولانا محمد رمضان مینگل کی صدارت میں ہوا۔ اجلاس صوبائی ذمہ داران اور تمام اضلاع کے صدور نے شرکت کی، اجلاس کے بعد مشترکہ اعلامیہ جاری کرتے ہوئے کہا گیا کہ مہاجرین کے انخلا کے بارے شکوک وشبہات پائے جاتے تھے کہ صرف پشتونوں کے خلاف ہے گزشتہ دنوں حکومت اور انتظامیہ کی طرف سے کہا گیا کہ انخلا بلا تفریق ہوگا، ہزارہ مہاجرین کو بھی ملک بدر کیا جائے گا جو خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ انڈیا کی طرف سے اگر جارحیت یا دراندازی کرنے کی کوشش کی گئی تو اسے منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی مظالم اور فلسطینی مسلمانوں کے قتل عام پر مسلم حکمرانوں کی خاموشی افسوسناک ہے، اجلاس میں نوشکی میکر دھماکے کے شہداء کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کے جلد صحت یابی کے لئے دعا کی گئی۔ اجلاس میں نوشکی سے تعلق رکھنے والے طالب علم سلمان جو کینسر کے مرض میں مبتلا کے لئے خصوصی دعا کی گئی۔

Century Express Quetta

# نوجوانوں کو حقوق کیلئے متحد کررہے ہیں، ہدایت الرحمان

## 25 مئی کو گرینڈ یوتھ جرگہ منعقد کیا جائیگا، صوبائی امیر کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان محنت کش، جفاکش، محب دین ووطن ہیں بلوچستان کے نوجوانوں کو حقوق روزگار دینے کیساتھ تعلیم وصحت کی سہولیات دیکر ناامیدی احساس محرومی کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے بلوچستان کے نوجوانوں کو بدنام کرنے کے بجائے سہولیات، تعلیم، روزگار دینے کیلئے عملی فوری اقدامات کیے جائیں۔ لاپتہ افراد بلوچستان کا سب سے بڑا انسانی مسئلہ ہے جبکہ نقلی زبردستی مسلط شدہ نااہل حکمرانوں نے بھی جلتی پر تیل کا کام کیا جماعت اسلامی نوجوانوں کو منظم متحد کرنے کیلئے حقوق بلوچستان تحریک میں شامل کرنے کیلئے جدوجہد کررہی ہے (باقی صفحہ 5 نمبر 33)

25 مئی کو بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے عظیم الشان گرینڈ یوتھ جرگہ منعقد کیا جائیگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی دفتر میں جماعت اسلامی یوتھ کوئٹہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نقیب اللہ اخوانی، جماعت اسلامی یوتھ کوئٹہ کے صدر انجینئر عدیل احمد سلیمان خیل ودیگر نوجوانوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع پر 25 مئی گرینڈ یوتھ جرگہ کے حوالے سے مشاورت اور کمیٹیاں تشکیل دی گئی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے خطاب میں مزید کہا کہ نوجوانوں کو متحرک کرکے حقوق کے حصول اور ظلم وجبر کے خلاف تحریک کو منظم وبیدار اور فعال بنائیں گے۔ نوجوانوں کی مشاورت سے جولائی میں گرینڈ یوتھ کونشن ہوگا اس کے بعد مسائل کے حل حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد مزاحمتی تحریک کو مزید منظم وفعال کریں گے بلوچستان کے نوجوانوں کو عوامی جمہوری جدوجہد کیلئے تیار کریں گے حکمرانوں مقتدر قوتوں نے بلوچستان کے نوجوانوں بدعنوانی بے حسی غفلت وکوتاہی کی وجہ سے مایوس کردیا ہے جماعت اسلامی یوتھ ان نوجوانوں کو مایوسی پریشانی اور مشکلات سے نکال ترقی وخوشحالی اور قومی حقوق کی جدوجہد کررہی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 06 MAY 2025 Page No. 18

## سبزل روڈ پر فائرنگ سے شاعر اللہ بخش شہزاد جاں بحق

**موٹر سائیکل پر گھر جارہے تھے مسلح افراد فائرنگ کرکے فرار**

**براہوی میں شاعری کے متعدد مجموعے تحریر کیے، مقدمہ درج کرلیا گیا**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے سبزل روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے براہوی شاعر و بی ایم سی کا ٹیکنیشن جاں بحق ہوگیا پولیس کے مطابق سبزل روڈ کے......

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

علاقے کلی ہنگوئی کا رہائشی براہوی شاعر و بی ایم سی کا ٹیکنیشن اللہ بخش شہزاد ولد حاجی ہزار خان گزشتہ روز موٹر سائیکل پر بی ایم سی سے گھر جارہا تھا

## پشین، دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے لیویز اہلکار کی گاڑی تباہ

**بم موٹر سائیکل میں نصب تھا، فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا**

کوئٹہ (این این آئی) پشین کے علاقے میں موٹر سائیکل میں نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے گاڑی کو نقصان پہنچا لیویز کے مطابق پیر کو پشین کی تحصیل......

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

حرمزئی میں نامعلوم دہشت گردوں نے موٹر سائیکل میں نصب دھماکہ خیز مواد سے لیویز اہلکار کی پرائیویٹ گاڑی کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں گاڑی کو نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی لیویز اور سیکورٹی کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لیکر مزید کارروائی شروع کردی۔ لیویز مزید کارروائی کررہی ہے۔

## ڈیرہ اللہ یار، ڈاکوؤں نے ایکسائز انسپکٹر کو لوٹ لیا

**موٹر سائیکل، موبائل فون اور نقدی چھین لی، مزاحمت پر زخمی کردیا**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار کے قریب مسلح ڈاکوؤں نے ایکسائز انسپکٹر سے موٹر سائیکل نقدی موبائل فون چھین لیا مذاحمت کرنے پر فائرنگ کر کے زخمی کر دیا اور فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار کے قریب بائی پاس کے مقام پر نامعلوم مسلح ڈاکو ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن نصیر آباد نیک محمد پلال کے بھتیجے اور ایکسائز انسپکٹر تاج محمد سے......

بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

موٹر سائیکل موبائل فون اور نقدی چھین لی مزاحمت کرنے پر فائرنگ کرکے اسے زخمی کردیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے زخمی کو ہسپتال کردیا اور نامعلوم ڈاکوؤں کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید کارروائی شروع کردی۔

Century Express Quetta

## مستونگ و کچلاک سے بھاری منشیات برآمد، ایک سمگلر گرفتار

**برآمد ہونیوالی منشیات میں 156 کلو ہیروئن اور 40 کلو آئس شامل ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اے این ایف کا مستونگ اور کچلاک بائی پاس پر منشیات اسمگلروں کیخلاف کارروائیاں بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر کے ایک اسمگلر کو گرفتار کرلیا۔ اے این ایف ذرائع کے مطابق اے این ایف کی ٹیم نے خفیہ اطلاع پر مستونگ میں ایک کمپاؤنڈ میں چھپائی گئی 156 کلو ہیروئن برآمد کرلی تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی جبکہ کچلاک بائی پاس پر دوران چیکنگ ایک گاڑی سے 40 کلو آئس برآمد ہونے پر ایک اسمگلر کو گرفتار کرلیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5　　Dated: 06 MAY 2025　　Page No. 19

# وسطی علاقوں میں جا بجا پارکنگ اسٹینڈ، من مانی فیسیں وصول، ٹریفک روانی متاثر

[illegible]

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں جا بجا پارکنگ اسٹینڈز کے باعث ٹریفک روانی متاثر ہونے لگی، من مانی پارکنگ فیسیں وصول کی جا رہی ہیں۔ شہریوں [illegible] نے بتایا کہ شہر کے وسطی علاقوں [illegible] شاہراہ اقبال، لیاقت بازار، جناح [illegible] بازار اور ملحقہ علاقوں میں جا بجا سڑک کے [illegible] پارکنگ اسٹینڈ میں موٹر سائیکل [illegible] پارکنگ کے 50 سے 100 روپے وصول کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ شہر کی سڑکیں پہلے ہی تنگ ہیں اور نصف سے زائد [illegible] پارکنگ اسٹینڈ کے باعث ٹریفک روانی متاثر ہو رہی ہے، وسطی علاقوں میں گھنٹوں ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا ہے۔ انہوں نے [illegible] سے اپیل کی کہ شہر میں جا بجا پارکنگ اسٹینڈ ختم کر کے [illegible] پارکنگ کی جائے۔

Century Express Quetta

## سریاب روڈ پل کراس پر بڑے بڑے گڑھے حادثات کا باعث بن گئے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب روڈ پل کراس میں روڈ پر بڑے بڑے گڑھے شہریوں کیلئے حادثات کا باعث بن گئے۔ ڈگری کالج سے نیچے اترتے ہی روڈ کراس پر اتنے بڑے بڑے گڑھے وہاں جان بن گئے عوامی حلقوں کے مطابق بار بار شکایات کے باوجود بھی اس روڈ پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی ہے۔

## سرکی روڈ کے مکین چوروں کے گروہ سے پریشان

**رات کو گلی محلوں میں گھومنے والے گھروں سے موٹر سائیکل سمیت چیزیں لے جاتے ہیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے سرکی روڈ پر رات کے گلی محلوں میں گھومنے والے چوروں کے گروہ سے مکین پریشان۔ گھر کے دروازے کھلے وہاں سے موٹر سائیکل اور پانی کی موٹر چوری کر لے جاتے ہیں۔ اس حوالے سے علاقہ مکین محمد نواز بلوچ نے بتایا کہ گزشتہ رات وہ اپنے گھر سے روٹی لینے نکلا اور وہ جیسے ہی گھر کے قریب سے روٹیاں خرید کر واپس پہنچا تو دو موٹر سائیکل سوار افراد اس کے گھر سے موٹر سائیکل لے کر جا رہے تھے جس پر اس نے انہیں پکڑنے کی کوشش کی مگر وہ فرار ہو گئے، دوسری جانب قریبی گلیوں میں بھی یہ گروہ اسی طرح سے وارداتیں کرنے میں مصروف ہے، جن کے خلاف متعلقہ پولیس کو ایکشن لینا ہوگا۔

MASHRIQ QUETTA

# چاندنی چوک سیٹلائٹ ٹاؤن روڈ کشادگی کے منصوبے میں غفلت کا بدترین مظاہرہ

**غلط منصوبہ بندی کی وجہ سے شہری کی دکان کا حصہ متاثر**

[illegible]

پراجیکٹ نظام نے سڑک کی دوسری جانب خالی پلاٹ [illegible] لینے کی بجائے [illegible]

مکان کا ایک حصہ سڑک کی کٹائی اور چوڑائی میں چلا گیا، باقی حصے کی دیوار کی عدم بحالی نے [illegible]

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ سی اینڈ ڈبلیو نے سیٹلائٹ ٹاؤن میں سڑک کشادگی کے منصوبے میں من مانی تبدیلی کرتے ہوئے ایک شہری کے گھر کے اندر دیوار گرا دی گئی، مکان کا ایک حصہ روڈ کی کشادگی میں آگیا، باقی بچ جانے والے حصے میں [illegible] کی دیوار نے چار دیواری کو [illegible] کے قابل نہیں چھوڑا، سی اینڈ ڈبلیو نے شہری کی درخواست پر گھر اور عمارت کا [illegible] بقیہ 69 صفحہ نمبر 7

جس کا خمیازہ مال شہری کو مستقل طور پر بھگتنا پڑ رہا ہے۔ شہری کا [illegible] کر مشرق آفس پہنچ گیا اور انصاف کی دہائی دی۔ مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے متاثرہ شہری حاجی محمد عارف نے بتایا کہ وہ مکان نمبر 92 ایف، چاندنی چوک سیٹلائٹ ٹاؤن میں رہائش پذیر ہے جہاں محکمہ سی اینڈ ڈبلیو سڑکوں کی کشادگی کے منصوبے پر کام کر رہا ہے۔ پراجیکٹ نظام نے سڑک کی دوسری جانب خالی پلاٹ لینے کی بجائے رہائشی مکانات والی سائیڈ کا انتخاب کیا اور ان کے ساتھ دیگر مکانات بھی اس کی زد میں آئے تاہم ان کے ساتھ نا انصافی یہ ہوئی کہ ان کے مکان کا ایک حصہ روڈ کی کٹائی اور چوڑائی میں چلا گیا اور باقی حصے پر قاعدہ دیوار تعمیر کی گئی جس کے باعث ان کے گھر کی چار دیواری بند ہو گئی اور کھڑکیاں، دروازے کھولنا اور چار دیواری کے اندر جانا مشکل ہو گیا ہے۔

## حکومتی عدم توجہی سے بلوچستان میں کاریز کا نظام غیر فعال ہو گیا

**صوبے میں 10 ہزار سے زائد کاریز موجود ہیں جن میں سے اکثر غیر فعال ہیں**

**کاریز کے نظام کو فعال کر کے پانی کے موجودہ بحران سے نمٹا جا سکتا ہے، ماہرین**

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ماہرین نے کم ہوتے زیر زمین پانی کی سطح پر تشویش کرتے اور حکومتی عدم توجہی کے سبب صوبے میں کاریز کا نظام غیر فعال ہو گیا ہے۔ ماہرین کے مطابق کاریز کے نظام کو فعال کر کے پانی کے موجودہ بحران سے نمٹا جا سکتا ہے۔ کاریز کو بلوچستان کا زیر زمین نہری نظام بھی کہا جا سکتا ہے۔ پانی کی سپلائی کا یہ روایتی طریقہ کار زیادہ تر پہاڑی علاقوں میں رائج رہا ہے جہاں پہاڑ کے دامن سے پھوٹنے والے چشموں اور جھرنوں کے پانی کو زیر [illegible] بقیہ 26 صفحہ نمبر 7

زمین نالیوں کے ذریعے میلوں دور تک لوگوں کی ضرورت کیلئے پہنچایا جاتا تھا۔ صوبے میں کاریز کی موجودگی کے شواہد انگریزی دور سے بھی پہلے کے ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق صوبے میں 10 ہزار سے زائد کاریز موجود ہیں۔

# کوئٹہ میں محکمہ واسا کے متعدد ٹیوب ویلز غیر فعال، شہریوں کو شدید مشکلات

**کچھان آباد اور تنگ گلیوں والے علاقوں میں منی ٹینکر کے ذریعے پانی کی سپلائی کرنے والوں نے ریٹ بڑھا دیے**

**کوچہ شیر محمد، ڈبل روڈ، سرکی روڈ، جان محمد روڈ، سرکی کلاں، گواری روڈ، فقیر محمد روڈ و دیگر علاقوں کے ٹیوب ویلز خراب**

**محکمہ واسا کو شہریوں کو پانی کی فوری فراہمی کیلئے پابند کیا جائے، علاقہ مکینوں کی وزیر اعلیٰ و دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ شہر میں محکمہ واسا کے درجنوں ٹیوب ویلز غیر فعال، شہر میں پانی کی قلت بڑھ گئی، فنڈز ہونے کے باوجود ٹیوب ویلز کی مرمت اور دوبارہ تنصیب کے کام سست روی کا شکار، گرمی کے موسم میں شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا، شہر کے کچھان آباد اور تنگ گلیوں والے علاقوں میں منی ٹینکر کے ذریعے پانی کی سپلائی کرنے والوں نے اپنے ریٹ بڑھا دیے، غریب شہریوں کے مسائل بڑھ گئے۔ تفصیلات کے مطابق کوچہ شیر محمد، ڈبل روڈ کوئٹہ، سرکی روڈ، جان محمد روڈ، پشتون آباد، سرکی کلاں، گواری روڈ، فقیر محمد روڈ سمیت دیگر علاقوں میں محکمہ واسا کے ٹیوب ویلز غیر فعال اور بند ہونے سے کوئٹہ کے شہریوں کو پانی کی شدید قلت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، شہریوں رحمت اللہ، شاہنواز خان، شکیل احمد، رفیق، جان محمد اللہ نے بتایا کہ متعدد علاقوں میں معمولی خرابی کے بعد ٹیوب ویلز سے نکالی گئی موٹرز اور پائپ تا حال دوبارہ نصب نہیں کیے گئے جس کی وجہ سے کوئٹہ کے شہری مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ شہریوں نے انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، صوبائی وزیر واسا اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شہریوں کو پانی کی فراہمی میں ناکام محکمہ واسا کے حکام کی فوری بازپرس کی جائے اور محکمہ واسا کو شہریوں کو پانی کی فوری فراہمی کیلئے پابند کیا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 06 MAY 2025

Page No. 2


# گوادر پورٹ کی آمدن سے بلوچستان محروم، صوبے کے ساتھ زیادتی، موجودہ حالات نئے تنازعے کا متحمل نہیں ہو سکتے!

23 جنوری 2025ء کو وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ گوادر ایئرپورٹ نے باقاعدہ کام شروع کر دیا ہے، یہ خوش آئند بات ہے کیونکہ یہ انتہائی اہم منصوبہ ہے جس کے لئے چین نے 230 ملین ڈالر دیئے۔ گوادر ایئرپورٹ کا شمار پاکستان کے بڑے ہوائی اڈوں میں ہوتا ہے، اگر یہ ایئرپورٹ کاروباری مقاصد کے لئے استعمال ہوتا ہے تو بلوچستان اور پاکستان کی معیشت کو فائدہ پہنچے گا۔ وزیراعظم کا یہ بھی کہنا تھا کہ چین نے یہ ایئرپورٹ تحفے میں دیا ہے، اِس کی قدر کی جانی چاہیے، کراچی کی بندرگاہیں پہلے ہی تنگ ہیں، وہاں آمدورفت کا بے تحاشہ بوجھ ہے۔ عالمی بینک نے ایک طویل مدتی شراکت داری کا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت آئندہ 10 سالوں میں مختلف شعبوں میں 20 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی جائے گی، گو کہ یہ قرض ہے مگر ہمیں اِسے خوش آمدید کہنا چاہیے۔ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف سمیت ماضی میں بھی وزراء اعظم گوادر پورٹ کی ترقی کو گیم چینجر اور بلوچستان کی ترقی سے جوڑتے رہے ہیں اور یہ عملاً ہونا بھی چاہئے کہ گوادر پورٹ کی فعالیت اور تجارتی سرگرمیوں سے ہونے والے فوائد سب سے پہلے مقامی لوگوں کو ملنا چاہئے اور بلوچستان کی ترقی وخوشحالی اولین ترجیح ہونی چاہئے مگر گزشتہ روز گوادر پورٹ اتھارٹی کی جانب سے ایک مراسلہ سامنے آیا جس میں حکومت بلوچستان کو کہا گیا ہے کہ گوادر پورٹ سے حاصل آمدنی میں بلوچستان کا کوئی حصہ نہیں ہے۔ گوادر پورٹ اتھارٹی کے مراسلے میں کہا گیا ہے کہ گوادر پورٹ کا آپریشنل انتظام چین کی کمپنی کے پاس ہے۔ مراسلے کے متن کے مطابق بندرگاہ کے 2 آپریٹنگ ادارے گوادر پورٹ اتھارٹی کو 9،9 فیصد آمدنی دے رہے ہیں، ایک ادارہ اپنی آمدنی کا 15 فیصد گوادر پورٹ اتھارٹی کو دے رہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے معاملہ وفاقی حکومت کے سامنے اٹھانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ بہرحال اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ محل وقوع کے لحاظ سے گوادر پورٹ خاصا اہم ہے کیونکہ یہ گرم سمندری پانی کے علاقے میں واقع ہے۔ دنیا کی بہت کم بندرگاہوں کو یہ سہولت حاصل ہوتی ہے۔ گرم پانی والی بندرگاہ سارا سال تجارتی جہازوں کی آمدورفت کے لئے فنکشنل رہ سکتی ہے، ٹھنڈے پانی کی بندرگاہوں کے برعکس گرم پانی کی بندرگاہ پر سمندری ترسیل میں کوئی رکاوٹ نہیں آتی۔ جدید تجارت میں سمندری راستوں کی ضرورت میں اضافہ ہوا ہے، ایسے میں گوادر کی اہمیت ایک ''بحری گیٹ وے'' کی مانند ہے۔ پاکستان گوادر پورٹ کی وجہ سے خطے میں سمندری ترسیل کے حوالے سے سب سے زیادہ جیو سٹریٹجک پوزیشن کا حامل ہے۔ جنوب ایشیائی، مغربی ایشیاء اور وسط ایشیائی ریاستوں کے مابین ٹرانزٹ ٹریڈ میں گوادر پورٹ کو مرکزی حیثیت حاصل ہوگی، ساحلی تجارت سے خطے کے دیگر ممالک افغانستان، ترکمانستان، قازقستان، عمان، ایران، قطر، سعودی عرب اور چین کے ساتھ معاشی رابطوں کے نئے دور کے آغاز سے پاکستان معاشی ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا۔ اب گوادر پورٹ اتھارٹی کا مراسلہ انتہائی حیران کن ہے کہ بلوچستان کو اپنے ہی پورٹ سے ہونے والی آمدن میں حصہ نہیں دیا جارہا جو کہ بلوچستان کے ساتھ زیادتی ہے۔ بلوچستان کو یہ شکوہ ہمیشہ رہا ہے کہ ہمارے وسائل کو لوٹ کر کھایا جارہا ہے اور ہمیں اس میں کوئی حصہ نہیں دیا جاتا۔ اس پر تمام بلوچستان کی سیاسی جماعتیں وشخصیات متفق ہیں کہ بلوچستان کو اس کے حقوق ملنے چاہییں تاکہ صوبے کی پسماندگی ومحرومی کا خاتمہ ہوسکے، بلوچستان ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہوسکے۔ گوادر پورٹ سے حاصل آمدنی سے بلوچستان کو حصہ نہ ملنے کے حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وفاق خاص کر وزیراعظم کے سامنے معاملات رکھے اور بھرپور طریقے سے مقدمہ لڑے کیونکہ بلوچستان کے عوام کو ان کے اپنے وسائل سے محروم رکھنے سے ایک نیا تنازعہ کھڑا ہوگا جو کہ موجودہ حالات اس کا متحمل نہیں ہوسکتے۔ لہذا وزیراعظم اور وفاق بھی خود اس معاملے کو سنجیدگی سے لیں اور اس مسئلے کو فوری حل کریں، بلوچستان اور وفاق کے درمیان خلیج کو مزید نہ بڑھایا جائے جس طرح ماضی کی پالیسیوں میں بلوچستان کو نظر انداز کیا گیا۔ موجودہ حالات میں بلوچستان پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے کیونکہ صوبے کے جو حالات ہیں اس قسم کی حق تلفی کی خبریں اس کو مزید مہمیز دینے کا کام کریں گی۔ امید رکھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان وفاق سے خالی ہاتھ نہیں لوٹیں گے کیونکہ اسلام آباد میں ان کی باتوں کو بہت اہمیت دی جاتی ہے اور وہ وفاق میں بلوچستان کے نمائندے کے طور پر ایک قابل قدر مقام رکھتے ہیں۔ یقیناً وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گوادر پورٹ کی آمدنی میں سے کم سے کم نصف حصہ اہل بلوچستان کے لیے لے کر آئیں گے تاکہ وفاق اور صوبائی حکومت کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کرنے والوں کو کرارا جواب دیا جاسکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 06 MAY 2025 Page No 22

# Focusing tourism industry

Development of the tourism industry is essential for the development of any country. The federal as well as provincial government of Balochistan needs to take bold steps to promote culture and tourism in the country. Balochistan being the largest province of the province has great potential to attract national and international tourists on account of having historical and beautiful tourist sites. Culture and tourism are the center of attention for local and foreign investors after the government announced a culture and tourism policy which is aimed at promoting both culture and tourism in the province. The provincial government had established an Art and Cultural Council in Quetta with an aim to promote diverse and rich culture of the province. Besides, it had also set aside Rs 200 million to protect the centuries old heritage and civilizations of Mehrgarh, Mir Chakra's Fort, Shahi Tump-Makran Civilization, Kech valley and other archaic heritage sites. The allocation of Rs 100 million in the current Public Sector Development Programme (PSDP) for the establishment of a tourism resort at Kund Malir and upscaling of tourist spots at Shuban Valley help improve infrastructure and basic facilities to tourists. The more the government spends on tourism more and more local and foreign tourists would turn towards Balochistan. Likewise, the approval of Balochistan Travel Agencies and Tour Operator Rule for the development and promotion of tourism in the province by the government will be a significant move. The strong traditions and cultural values are very important to the people of Balochistan and have enabled them to keep their distinctive ancient cultural identity and lifestyle with a little change to this day. The provincial government brought back 20,000 antiques from Sindh to Balochistan in fact a constructive step to enrich the state of the art museum of the province with centuries old antiques. There should be consistency in the efforts of the government for the promotion of the old heritage, history and culture of the province besides promoting tourism. The federal and Balochistan governments can earn huge revenue without making huge investments if the sector of culture and tourism is promoted in accordance with the international standards. The promotion of tourism in Balochistan will bring huge revenue for the province and will address unemployment to a great extent. The government must improve basic infrastructure, easy access to the sites, visa issues and the security of tourists. It is hoped that the government of Balochistan will spend more on improving the condition of historical sites like the fort of Mir Chakar-e- Azam in Sibi, Mehrgarh and many other historical places.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 06 MAY 2025 Page No. 24


## سیلاب کے بعد بلوچستان کی بحالی کا منصوبہ

بلوچستان کی تاریخ میں قدرتی آفات نئے نہیں، مگر ان کا تسلسل اور شدت پچھلے کچھ برسوں میں جس انداز سے بڑھا ہے، اُس نے نہ صرف انسانی زندگی کو متاثر کیا بلکہ ترقی کے بنیادی نظام کو بھی بار بار پچھاڑ کر رکھ دیا 2022 کے سیلاب انہی حادثات کی ایک شدید ترین مثال تھی، جس نے ہزاروں گھروں، کھیتوں اور گزر بسر کے ذرائع کو نیست و


تحریر۔ ارسلان قریشی


نابود کر دیا ایسی صورت حال میں یہ سوال اکثر ذہن میں آتا ہے کہ کیا بحالی کی کوششیں محض وقتی راحت کی حد تک محدود رہیں گی یا واقعی کوئی دیرپا منصوبہ بندی بھی عمل میں لائی جارہی ہے؟ انہی سوالات کا تعاقب کرتے ہوئے میری نگاہ ایک ایسے منصوبے پر جا ٹھہری جو اپنی نوعیت اور دائرہ کار میں قدرے مختلف معلوم ہوا وزارتِ منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات، حکومتِ بلوچستان اور عالمی بینک کے اشتراک سے شروع کیا گیا یہ منصوبہ جس کا نام "منصوبہ برائے بحالی سیلاب زدگان (IFRAP)" ہے یہ "اُڑان پاکستان" پروگرام کا حصہ ہے یہ منصوبہ روایتی بحالی کے بجائے ایک جامع حکمت عملی کے ساتھ سامنے آیا ہے، جو نہ صرف موجودہ نقصانات کا ازالہ کرنے کی کوشش ہے بلکہ آئندہ ممکنہ خطرات سے بچاؤ کی بنیاد بھی فراہم کرتا ہے افراپ منصوبے کو تین واضح حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے پہلا متاثرہ سڑکیں، پل، پانی کی اسکیمیں اور دیگر بنیادی سہولیات کی مرمت پر مبنی ہے تاکہ زمینی روابط بحال ہوں اور رسائی میں بہتری آئے دوسرا موسمیاتی خطرات سے نمٹنے کی صلاحیت کو بہتر بنانے پر مبنی ہے جس سے موسمیاتی پیشگوئی اور معلومات کی فراہمی کے نظام کو مضبوط کیا جارہا ہے تاکہ بروقت اور مؤثر فیصلے ممکن ہو سکیں تیسرا اہم حصہ رہائشی بحالی کا ہے، جہاں ہزاروں خاندانوں کو نئے اور محفوظ مکانات کی تعمیر کے لیے براہ راست مالی معاونت اور تربیت دی جا رہی ہے خاص بات یہ ہے کہ اس بار گھروں کی تعمیر کا اختیار متاثرہ خاندانوں کو سونپا گیا ہے متاثرین کے نام پر بینک اکاؤنٹس کھولے جارہے ہیں اور ان کی اہلیت کی تصدیق کے بعد تعمیر کی رقم براہ راست انہی کے اکاؤنٹس میں منتقل کی جاتی ہے اس ماڈل کو "کمیونٹی اونرشپ" کہا جارہا ہے جس کے تحت گھروں کی تعمیر کا کام جاری ہے اور موجودہ رفتار اطمینان بخش ہے اگر اس ماڈل پر سنجیدگی سے عملدرآمد جاری رہے تو یہ نہ صرف شفافیت کو فروغ دے گا بلکہ متاثرہ افراد کو با اختیار بنانے کی ایک مؤثر عملی مثال بھی بن سکتا ہے منصوبے کی وسعت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ 32 اضلاع میں 27 لاکھ سے زائد افراد کو براہِ راست فائدہ پہنچانے کے لیے ایک لاکھ سے زائد چھوٹے منصوبے تشکیل دیے جارہے ہیں اس پیمانے پر عملدرآمد بلاشبہ آسان نہیں، اور یہی وہ مقام ہے جہاں شفافیت، نگرانی اور بروقت تکمیل جیسے سوالات جنم لیتے ہیں کیا تمام متاثرہ خاندانوں تک امداد کا بروقت اور منصفانہ انداز میں پہنچنا واقعی ممکن ہو پائے گا؟ اس سوال کا جواب عملی پیش رفت سے ہی مل سکے گا افراپ کے انتظامی خاکے میں فیڈرل پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ سے لے کر صوبائی سطح کے مخصوص عملی یونٹس تک ایک مربوط نظام موجود ہے، جو منصوبے کی پیچیدگی کے باوجود اسے قابلِ عمل بنانے کی کوشش کر رہا ہے اگر کاغذ پر منصوبے کی شفافیت اور وسعت کو دیکھا جائے تو متاثر کن ہے، تاہم اس کا نفاذ کس حد تک معیار کے مطابق ہوگا، یہ وقت ہی بتا سکتا ہے یقیناً یہ منصوبہ صرف وقتی مرہم نہیں بلکہ طویل المدتی تیاری کا ایک ابتدائی قدم ہے، جس کا مقصد بلوچستان کو ماحولیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے قابل بنانا ہے البتہ کیا یہ منصوبہ واقعی اپنی مکمل روح کے ساتھ بروقت مکمل ہو سکے گا؟ جس سوچ، یکجہتی اور بین الاقوامی تعاون کے ساتھ یہ منصوبہ تشکیل پایا ہے، وہ ایک امید کی کرن ضرور پیدا کرتا ہے بلوچستان میں ترقی اور بحالی کی راہ پر اٹھایا گیا یہ قدم، اگر درست طریقے سے آگے بڑھتا ہے تو شاید آنے والے وقت میں قدرتی آفات کے سامنے صوبے کی بے بسی کی داستان ماضی کا قصہ بن جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 06 MAY 2025 Page No. 25


# براہوئی ادب، معاشرتی شعور اور میر ڈاکٹر صلاح الدین مینگل مرحوم کی فکری میراث۔۔۔!!!

**تحریر: حافظ محمد حنیف کاکڑ**

بلوچستان کی علمی و ادبی فضاؤں میں ایک بار پھر روشنی کی کرن جگمگا اٹھی جب مجلسِ فکر و دانش علمی و فکری مکالمے نے "آفاق بلوچستان" کے تعاون سے ایک اہم فکری نشست کا اہتمام کیا۔ اس علمی و ادبی مکالمے کا عنوان تھا: "بیسویں صدی کے براہوئی ادب و تاریخ کے تناظر میں لمحہ موجود میں معاشی و معاشرتی زندگی سنوارنے کے امکانات و فریم ورک"۔ اس تقریب کو ممتاز محقق و دانشور ڈاکٹر صلاح الدین مینگل مرحوم کو خراجِ عقیدت پیش کرنے اور براہوئی ادب کی فکری بنیادوں پر غور و فکر کا موقع سمجھا گیا۔

تقریب کا پس منظر: براہوئی ادب بلوچستان کا ایک قدیم اور گہرا ثقافتی ورثہ ہے جو نہ صرف لسانی اور ادبی پہلوؤں کا حامل ہے بلکہ اس میں ایک مزاحمتی شعور، تاریخی گہرائی اور ثقافتی خودی کی جھلک بھی موجود ہے۔ اس فکری نشست کا انعقاد اسی سوچ کے تسلسل میں کیا گیا تاکہ براہوئی زبان و ادب کی موجودہ صورتحال، اس کی سماجی اہمیت اور مستقبل کے امکانات پر بات چیت کی جا سکے۔ میر ڈاکٹر صلاح الدین مینگل مرحوم۔۔۔

ایک ہمہ جہت شخصیت: اس تقریب کا سب سے اہم پہلو عظیم براہوئی مفکر، ادیب، شاعر، قانون دان، محقق اور صحافی ڈاکٹر صلاح الدین مینگل کی یاد میں خراجِ عقیدت تھا۔ ڈاکٹر مینگل ایک ایسی شخصیت تھے جنہوں نے براہوی زبان کو نہ صرف محفوظ کیا بلکہ اسے دنیا کے علمی افق پر متعارف کروانے میں بنیادی کردار ادا کیا۔ ان کی تصانیف، شعری مجموعے، تحقیقی مقالے، قانونی مضامین اور صحافتی تحریریں ایک فکری سرمائے کی حیثیت رکھتی ہیں۔

شرکاء کی شرکت اور تاثرات: تقریب میں کوئٹہ شہر اور بلوچستان کے دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے علمی، ادبی، تدریسی اور صحافتی حلقوں کی نمایاں شخصیات نے شرکت کی۔ ان میں پروفیسر شیر احمد قمبرانی، پروفیسر نور خان محمد حسنی، عبدالقیوم بیدار، سردار حبیب اللہ بزنجو، ڈاکٹر کلیم اللہ کاکڑ، ڈاکٹر نظام الدین، براھوئی اکیڈمی کے سیکرٹری سلطان شاہوانی، خضدار سے ممتاز ماہر تعلیم و تربیت کار محمد عالم براھوئی، دالبندین و چاغی سے ممتاز شخصیت چیئرمین میر محمد یوسف نوتیزئی، پروفیسر اکبر علی ساسولی، پروفیسر شاہین برانزئی، نوجوان و خوبصورت شخصیت ملک مصلح الدین مینگل، شراف الدین مینگل، وقاص احمد خان، ریان احمد خان، جناب علی گل اور دیگر شامل تھے۔

مقررین کے خیالات: پروفیسر شیر احمد قمبرانی نے اپنے تحقیقی مقالے میں واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں اگر مقامی ثقافت، زبان اور تاریخ کو نظر انداز کیا جائے تو وہ منصوبے پائیدار نہیں ہوتے۔ اُنہوں نے کہا کہ براہوی ادب میں وہ تمام فکری اصول موجود ہیں جو ایک مقامی ترقیاتی فریم ورک کی بنیاد بن سکتے ہیں۔

پروفیسر نور خان محمد حسنی نے کہا کہ بیسویں صدی کا براہوئی ادب محض تخلیقی اظہار نہیں تھا بلکہ نوآبادیاتی نظام کے خلاف ایک تہذیبی مزاحمت کا آئینہ بھی تھا۔ انہوں نے کہا کہ علامت، طنز، اور تاریخ نگاری کے ذریعے براہوی ادیبوں نے سماجی محرومیوں کا بیانیہ ترتیب دیا۔

سلطان شاہوانی نے ڈاکٹر صلاح الدین مینگل کی ہمہ جہت شخصیت پر روشنی ڈالی۔ اُن کا کہنا تھا کہ ڈاکٹر مینگل نے براہوئی زبان کو محض ایک ادبی زبان نہیں بلکہ ایک فکری، تاریخی اور ثقافتی طاقت کے طور پر پیش کیا۔ وہ نہ صرف ایک استاد تھے بلکہ مربی، مشیر، اور ایک موٹیویشنل شخصیت بھی تھے۔

عبدالقیوم بیدار نے کہا کہ ڈاکٹر مینگل کی فکری میراث صرف براہوئی زبان تک محدود نہیں بلکہ وہ بلوچستان کی تمام اقوام میں یکساں مقبول تھے۔ ان کی تحریریں ہر شعبہ زندگی کے انسان کو متاثر کرتی ہیں۔

ڈاکٹر نظام الدین نے کہا کہ ڈاکٹر مینگل کو بجا طور پر براہوی زبان کا انسائیکلوپیڈیا کہا جا سکتا ہے۔ اُن کی کوششوں کی بدولت آج پاکستان کے مختلف تعلیمی اداروں میں براہوی زبان کی تدریس کا آغاز ہو چکا ہے۔

ڈاکٹر کلیم اللہ کاکڑ نے براہوئی ادب کی ترقی میں ڈاکٹر مینگل کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی فکری فیاضی کے باعث آج بڑی لائبریریوں میں براہوئی زبان کے سیکشنز آباد ہیں۔

حافظ محمد حنیف کاکڑ نے ڈاکٹر صلاح الدین مینگل کے ادبی شہ پاروں میں دینی و اصلاحی پہلوؤں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر صاحب کو مذہب سے لگاؤ بھی مثالی تھا۔ انکو سرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر صدارتی ایوارڈ سے نوازا گیا۔

سردار حبیب اللہ بزنجو نے حکومتوں کی عدم توجہی کو براہوئی زبان کے زوال کا سبب قرار دیا اور کہا کہ حکومتوں کو چاہیے کہ وہ مقامی زبانوں کے فروغ کے لیے مؤثر پالیسیاں مرتب کریں۔

محمد عالم براھوئی نے کہا کہ صلاح الدین مینگل مرحوم تاریخ ساز و عہد ساز شخصیت تھے انھوں نے زندگی ادب و تحقیق کے لئے وقف کر دیا تھا وہ تمام زبانوں کے احترام و اہمیت سے لبریز شخصیت تھے وہ فخر جھالاوان ہے

مجلس فکر و دانش علمی و فکری مکالمے کے ڈائریکٹر عبدالتین اخون زادہ نے کہا کہ ڈاکٹر محمد صلاح الدین مینگل مرحوم فکری و عملی شخصیت و کردار تھے اور ان کی جد وجہد و اعتماد کے بدولت ممکن ہوا ہے کہ براھوئی زبان و ادب آج زبانوں کی شیالی و احساس برتری کا مقام حاصل کر چکی ہے

انھوں نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ ڈاکٹر صلاح الدین مینگل کی فکری خدمات کو اجاگر کرنے کے لیے ایک تحریک چلائی جائے گی۔

زبان اور شناخت: اس نشست کا مرکزی نکتہ یہی تھا کہ زبان صرف اظہار کا ذریعہ نہیں بلکہ ایک شناخت ہے۔ جب کوئی قوم اپنی زبان کو فراموش کرتی ہے تو دراصل وہ اپنی تاریخ، ثقافت اور خودی کو کھو دیتی ہے۔ مقررین نے بارہا اس بات پر زور دیا کہ مادری زبانوں کی تعلیم، ادب، نصاب، اور ڈیجیٹل مواد میں شمولیت از حد ضروری ہے۔

ادبی ورثے کا تسلسل: تقریب میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ نوجوان نسل کو اپنی زبان اور ادب سے جوڑنے کے لیے ترجمہ کاری، ڈیجیٹل آرکائیوز، آڈیو و ویڈیو بکس، اور جدید نصاب کی تشکیل ضروری ہے۔ ڈاکٹر مینگل کی تحریروں کو عصری تقاضوں کے مطابق ترتیب دے کر نئی نسل تک پہنچانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

مستقبل کے لائحہ عمل: آخر میں ایک پینل نشست منعقد ہوئی جس میں مقررین نے سفارش کی کہ:
- براہوی زبان کی ترویج کے لیے سرکاری سطح پر ادارے قائم کیے جائیں۔
- براہوی زبان کو نصاب میں شامل کیا جائے۔
- ادبی شخصیات کی خدمات پر تحقیقی کام کو فروغ دیا جائے۔
- زبان و ادب کو ترقیاتی منصوبہ بندی کا حصہ بنایا جائے۔

نتیجہ: یہ نشست محض ایک علمی تقریب نہیں تھی بلکہ ایک فکری چراغ تھی جس نے یہ پیغام دیا کہ اگر ہم اپنی زبان، ادب اور ثقافت کو زندہ رکھنا چاہتے ہیں تو ہمیں اس کی فکری بنیادوں کو سمجھنا ہوگا، ان پر عمل کرنا ہوگا، اور آئندہ نسلوں تک منتقل کرنا ہوگا۔ ڈاکٹر صلاح الدین مینگل کی شخصیت اسی فکری تسلسل کی ایک زندہ مثال ہے۔